آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز بدھ 13 مئی 2020ء بمطابق 19 رمضان المبارک 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ 134

(سلوگن) کرونا وائرس ایک وبا ہے، وبا جلدی نہیں ٹلتے، انہیں ٹالنے کے لیے احتیاطی تدابیر اپنانا پڑتے ہیں، سنجیدگی سے مقابلہ کرنے کیلئے ماہرین طب کے مشوروں پر عمل کرنا ہوتا ہے، حکومتی اقدامات سے استفادہ حاصل کریں جسمیں سب کی بھلا ہے۔

صدر مملکت نے 10 ویں این ایف سی ایوارڈ کی تشکیل کردی

وزیراعظم کے مشیر برائے خزانہ واقتصادی امور ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ چیئرمین، چاروں صوبوں کے وزراء خزانہ کمیشن کے ارکان میں شامل ہوں گے، وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے مالی میزانیوں میں فراہم کردہ زرتلافیوں کا جائزہ لیگا

اس مقصد کیلئے مالی وسائل فراہم کرنے پر اتفاق رائے، سرکاری کاروباری اداروں کے خسارے کو کم کرنے کیلئے راہوں کا تعین کرنا اور وفاق وصوبوں کے درمیان خسارے کو بانٹنے کیلئے طریقہ کار وضع کرنا این ایف سی کے فرائض میں شامل ہیں

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے 10 ویں قومی مالیاتی کمیشن (این ایف سی) ایوارڈ کی تشکیل کردی ہے۔ منگل کو یہاں وزارت خزانہ میں قائم این ایف سی سیکرٹریٹ کی طرف سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق صدر مملکت نے دستور 1973 کے آرٹیکل 160(1) کے تحت 23 اپریل 2020 سے 10 ویں قومی مالیاتی کمیشن ایوارڈ کی تشکیل کردی ہے۔ وزیراعظم کے مشیر برائے خزانہ واقتصادی امور ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ این ایف سی ایوارڈ کے چیئرمین ہوں گے، وزیر خزانہ سندھ، وزیر خزانہ پنجاب، وزیر خزانہ بلوچستان، وزیر خزانہ خیبر پختونخوا کمیشن کے

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اول تشریق	
فجر صبح	04:15
ظہر دن	01:00
مغرب دن	07:27

بلوچستان میں ترقی وخوشحالی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوچکا ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان میں ترقی وخوشحالی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوچکا ہے، صحت ایمرجنسی کے تحت صوبے میں 4 ہزار افراد کو آئسولیٹ کرنے کی صلاحیت موجود ہے اس کے علاوہ 70 وینٹی لیٹرز موجود ہیں، وہ وقت گزر چکا ہے

بلوچستان کے غیور عوام اب کسی کے بہکاوے میں آنے کی بجائے اپنے خطے کی ترقی میں کردار ادا کررہے ہیں اب وہ وقت گزر چکا ہے کہ بلوچستان کے لوگوں کو چند پیسوں کے عوض بہکانا آسان ہوتا تھا

کورونا وائرس کا پھیلاؤ 60 سے 70 فیصد تک اثر کرچکا ہے باقی تمام لوگوں کو گھروں میں ہی آئسولیٹ کیا جارہا ہے جس کے لئے انہیں احتیاطی تدابیر بتائی گئی ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان نے کہا ہے بلوچستان کے غیور عوام اب کسی کے بہکاوے میں آنے کی بجائے اپنے خطے کی ترقی میں کردار ادا کررہے ہیں اب وہ وقت گزر چکا ہے کہ بلوچستان کے لوگوں کو چند پیسوں کے عوض بہکانا آسان ہوتا تھا صوبے میں ترقی خوشحالی کے ایک نئے دور کا آغاز ہو چکا ہے جہاں تعلیمی میدان میں بہتری آرہی ہے، صحت کی سہولیات میں اضافہ ہورہا ہے کورونا وائرس سے نمٹنے کے لئے صوبائی حکومت تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے، وفاقی حکومت اور این ڈی ایم اے کی جانب سے ہر ممکن مدد فراہم کی جارہی ہے تاہم اب یہ صوبوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان وسائل کو کس حد تک بروئے کار لاتے ہوئے وائرس کے خلاف نبرد آزما ہوتی ہے، بلوچستان میں کورونا وائرس کے 80 سے 85 فیصد

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیراعظم عمران خان سی این پی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

مشیر خزانہ سے علی زیدی کی ملاقات، جاری منصوبوں کے لئے وزارت کی مالی ضروریات پر تبادلہ خیال

وزارت مالی سال کے لئے پہلے سے مختص کردہ بجٹ کی حد میں تمام ضروریات کو پورا کرسکے گی، حفیظ شیخ

اسلام آباد (این این آئی) مشیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ سے وفاقی وزیر بحری امور علی زیدی نے ملاقات کی جس میں وزارت بحری امور میں جاری منصوبوں کے لئے وزارت کی مالی ضروریات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر علی زیدی نے آئی ایم ایو کونسل

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

ملک بھر میں چوبیس گھنٹوں کے دوران مزید 39 افراد کورونا وائرس سے زندگی کی بازی ہار گئے، تعداد 706 ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں چوبیس گھنٹوں کے دوران مزید 39 افراد کورونا وائرس سے زندگی کی بازی ہار گئے جس کے بعد جاں بحق افراد کی تعداد 706 ہوگئی، 1140 نئے کیسز سامنے کے بعد کورونا کے تصدیق شدہ کیسز کی تعداد 32081 تک جا پہنچی، 8555 مریض صحتیاب ہوگئے۔ منگل کو نیشنل کمانڈ

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

شاہ محمود قریشی نے ایوان میں آکر میرے بیان سے متعلق غلط بیانی کی جس پر مایوسی ہوئی ہے، سلیم مانڈوی والا

چیئرمین پارٹی میں تفریق کا بیان نامناسب ہے، وزیر خارجہ کو اس طرح غلط بیانی نہیں کرنی چاہئے، ڈپٹی چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینٹ سلیم مانڈوی والا نے شاہ محمود قریشی کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے ایوان میں آکر میرے بیان سے متعلق غلط بیانی کی جس پر مایوسی ہوئی ہے، چیئرمین پارٹی میں تفریق کا بیان

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

اسلام آباد صدر مملکت عارف علوی اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسمبلی اجلاس میں محض سیاسی تقاریر وقت کا ضیاع ہے، فواد چوہدری

ایک ادھر سے سیاسی تقریر کرتا ہے، دوسرا ادھر سے نشتر چلاتا ہے، اللہ اللہ خیر صلہ، ٹوئٹ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری کہا ہے کہ اسمبلی اجلاس میں محض سیاسی تقاریر وقت کا ضیاع ہے سیاسی تقاریر تو پریس کانفرنس کرکے بھی کی جاسکتی ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں وفاقی وزیر سائنس و

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس کا پھیلاؤ 60 سے 70 فیصد تک اثر کرچکا ہے باقی تمام لوگوں کو گھروں میں ہی آئسولیٹ کیا جارہا ہے جس کے لئے انہیں احتیاطی تدابیر بتائی گئی ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

بروئے کار لارہی ہے، وفاقی حکومت اور این ڈی ایم اے کی جانب سے ہر ممکن مدد فراہم کی جارہی ہے تاہم اب یہ صوبوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان وسائل کو کس حد تک بروئے کار لاتے ہوئے وائرس کے خلاف نبرد آزما ہوتی ہے، بلوچستان میں کورونا وائرس کے 80 سے 85 فیصد

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

صوبائی حکومت محکمہ تعلقات عامہ کو رسک الاؤنس اور ایک اضافی تنخواہ دینے کی منظوری دے

کوئٹہ (ش ن) آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان کے صدر وقاص شاہین اور جنرل

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں کورونا وائرس کے مزید 97 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 2158 ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے مزید 97 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ایرانی حکام نے بغیر دستاویزات کے 44 پاکستانیوں کو گرفتار کرکے تفتان انتظامیہ کے حوالے کردیا

تفتان (این این آئی) ایرانی حکام نے بغیر دستاویزات کے 44 پاکستانیوں کو گرفتار کرکے تفتان

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس میں جتک DHQ ہسپتال اوتھل کے ڈاکٹر تصدق ندیم کی رپورٹ منفی آگئی

اوتھل (این این آئی) کورونا وائرس میں جتک DHQ ہسپتال اوتھل کے ڈاکٹر تصدق ندیم کی رپورٹ

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

چیف آف آرمی سٹاف جنرل قمر باجوہ کی جانب سے 800 اور ایف سی تفتان رینجرز کوئٹہ کی جانب سے 200 غریب مستحق گھرانوں میں راشن تقسیم کردیئے گئے

کوئٹہ (این این آئی) چیف آف آرمی سٹاف جنرل قمر باجوہ کی جانب سے 800 اور ایف سی تفتان رینجرز کوئٹہ کی جانب سے 200 غریب مستحق گھرانوں میں راشن تقسیم کردیئے گئے، ہدایات کے مطابق ایف سی بلوچستان تفتان رینجرز کوئٹہ کی کمانڈنٹ کرنل عبدالمجید کی سربراہی میں کوئٹہ شہر کے تمام

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

گلگت بلتستان کی آرمی چیف سے ملاقات، باہمی دلچسپی، علاقائی سکیورٹی اور کورونا وبا پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں گلگت بلتستان کے جی او سی میجر جنرل ڈاکٹر نے جی ایچ کیو میں پاک فوج کے سربراہ جنرل

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت کا این آئی اے کی تنظیم نو کا فیصلہ، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے منظوری دے دی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے این آئی اے کی تنظیم نو کا فیصلہ کرلیا جس کی صدر مملکت

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

امتحانات نہیں ہوں گے، گزشتہ امتحانات کے نتائج پر پروموٹ کردیا جائیگا، شفقت محمود

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے کہا کہ بچوں کی صحت کی وجہ سے اسکولوں پر

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

اسمبلی اجلاس میں سیاسی تقاریر وقت کا ضیاع ہے، فواد چوہدری نے اپنی اینکر قاسم خان سوری کو ٹوکدیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے اپنی اینکر قومی اسمبلی قاسم

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس

بلوچستان حکومت کا عیدالفطر سادگی سے منانے کا فیصلہ

اجلاس میں مختلف اہم صوبائی امور کا جائزہ لیتے ہوئے متفقہ فیصلے کئے گئے کابینہ نے نائب تحصیلدار کی 58 خالی آسامیوں پر پبلک سروس کمیشن کے ذریعے بھرتی کی منظوری

روشن بلوچستان پروگرام کے تحت شمسی توانائی کے ذریعہ دیہاتوں طبی مراکز اور تعلیمی اداروں کو بجلی کی فراہمی کے منصوبے میں ترمیم کی بھی منظوری

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت منعقدہ صوبائی کابینہ کے اجلاس میں سرکاری سطح پر عیدالفطر انتہائی سادگی سے منانے کا فیصلہ، اجلاس میں مختلف اہم صوبائی امور کا جائزہ لیتے ہوئے متفقہ فیصلے کئے گئے کابینہ نے نائب تحصیلدار کی 58 خالی آسامیوں پر پبلک سروس کمیشن کے ذریعے بھرتی کی منظوری، روشن بلوچستان پروگرام کے تحت شمسی توانائی کے ذریعہ دیہاتوں طبی مراکز اور تعلیمی اداروں کو بجلی کی فراہمی کے منصوبے میں ترمیم کی بھی منظوری دے دی گئی۔ اجلاس میں اراکین کابینہ کو وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ عید کے موقع پر بڑے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

احساس کفالت پروگرام امدادی رقوم کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے

مجموعی طور پر 75691 مستحقین میں سے 2070 کو 24.84 ملین کیش رقوم کی تقسیم یقینی بنائی گئی ہے

کوئٹہ (ش ن) وزیراعظم پاکستان احساس کفالت پروگرام کے تحت صوبہ بلوچستان میں بھی کورونا وائرس کی وجہ سے معاشی طور پر متاثر مستحق افراد میں امدادی رقوم کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے یہ رقوم ایمرجنسی کیش ٹرانسفر پروگرام کے ذریعے تقسیم کی جارہی ہے جس میں

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

زرنگ کے شعبہ میں تحقیق افزائی صلاحیت کی تشکیل اور بہترین اصولوں پر کاربند رہنے کو ترجیح دی جائے گی، ڈاکٹر ظفر

حکومت صحت کی پالیسی میں نرسوں اور مڈوائف کے کردار کو بڑھانے کے لئے کام کررہی ہے

حکومت پاکستان زرنگ کے شعبہ میں افرادی قوت میں سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرے گی، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا ہے کہ زرنگ کے شعبہ میں تحقیق افزائی صلاحیت کی تشکیل اور بہترین اصولوں پر کاربند رہنے کو ترجیح دی جائے گی، حکومت صحت کی پالیسی میں نرسوں اور مڈوائف کے کردار کو بڑھانے کے لئے کام کررہی ہے، حکومت پاکستان زرنگ کے شعبہ میں افرادی قوت میں سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرے گی، نرسوں کو صحت کی دیکھ بھال کے علاوہ اساتذہ، محققین اور مشیران کے طور پر جانچا ہوگا

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

سینیٹ اجلاس کورونا پر بحث اپوزیشن کا حکومت پر شدید تنقید

اپوزیشن نے کورونا کے معاملے پر ناکافی انتظامات اور غیر ذمہ دارانہ فیصلے کرنے حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا

اجلاس میں کورونا وائرس اور اس بحران کے دوران پارلیمنٹ کی کردار پر بحث کی گئی، ملک میں صحت کی سہولیات کی فراہمی پر غور بھی ایجنڈے میں شامل تھا، اپوزیشن نے کورونا کے معاملے پر ناکافی انتظامات اور غیر ذمہ دارانہ فیصلے کرنے حکومت کو شدید

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی کی زیر صدارت سینٹ اجلاس، کورونا وائرس اور اس بحران کے دوران پارلیمنٹ کی کردار پر بحث کی گئی۔ ملک میں صحت کی سہولیات کی فراہمی پر غور بھی ایجنڈے میں شامل تھا، اپوزیشن نے کورونا کے معاملے پر ناکافی انتظامات اور غیر ذمہ دارانہ فیصلے کرنے حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا، اراکین نشستوں میں ایک سیٹ کا فاصلہ رکھا گیا، اراکین کی نشستوں پر ماسک، گلوز اور سینیٹائزر موجود تھے، ایک قطار میں چار نشستیں رکھی گئیں اراکین سینٹ نے ماسک پہن رکھے تھے۔ اجلاس کے دوران سینیٹر فیصل جاوید کی والدہ، ایف سی کے پانچ جوان اور کورونا وائرس سے جاں بحق ہونے والے افراد کے لیے دعائے مغفرت کی گئی۔ وفاقی سینیٹر مشتاق احمد نے کروائی۔ اجلاس کے دوران اینکر قومی اسمبلی اسد قیصر کی صحتیابی کیلئے بھی خصوصی دعا کرائی گئی۔ اجلاس کے دوران کورونا کی صورتحال پر بحث کا آغاز کرتے ہوئے قائد حزب اختلاف سینیٹر راجہ ظفر الحق نے کہا کہ حکومت کو

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

نیب اقوام متحدہ کے انسداد بدعنوانی کنونشن کے تحت بدعنوانی کی روک تھام کیلئے نوڈل ادارہ ہے، چیئرمین نیب

نیب بدعنوان عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانے اور جرائم کی رقم کی ان کی بیلنس واپسی کے لئے آگاہی، مذاکرہ اور قانون پر عملدرآمد کی پالیسی جاری کرے گا

نیب مضاربہ مشارکہ مقدمات کو منفی اثرات سے بچانے کیلئے پرعزم ہے، چیئرمین نیب جسٹس جاوید اقبال کی زیر صدارت نیب کا جائزہ اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) کے چیئرمین جسٹس (ر) جاوید اقبال نے کہا ہے کہ نیب اقوام متحدہ کے انسداد بدعنوانی کنونشن (یو این سی اے سی) کے تحت بدعنوانی کی روک تھام کے لئے نوڈل ادارہ ہے، نیب مضاربہ مشارکہ مقدمات کو منفی اثرات سے بچانے کیلئے پرعزم ہے۔ مضاربہ مشارکہ سکینڈلز کے مقدمات کی خصوصی شواہد اور میرٹ پر مناسب کارروائی کی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیب ہیڈ کوارٹرز میں جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

چیئرمین اکم سپورٹ پروگرام سے خاتون اشرفیہ کا مالی فائدہ لینے کا معاملہ، سات خواتین اشرفیہ پر مقدمہ درج

سکھر (این این آئی) چیئرمین اکم سپورٹ پروگرام سے خاتون اشرفیہ کا مالی فائدہ لینے کا معاملہ، سات خواتین اشرفیہ پر مقدمہ درج، غریب و مستحق ظاہر کرکے رقوم وصول کرنے والی خواتین کی جانب سے رقم واپس کرنے پر کیسز داخل کرا دیئے گئے۔ ایف آئی اے ذرائع تفصیلات کے مطابق بے نظیر اکم سپورٹ پروگرام

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

تمام بلوچ سیاسی قوتیں آپس میں ایک ہوجائیں، نواب ثنا بلوچ

فوجی توسیع پسندی کورونا وبائی امراض کی وباء کے تحت عروج پر ہے میں تمام بلوچ سیاسی قوتوں سے اپیل کرتا ہوں

غیر ملکیوں کے ناپسندیدہ حملے کو روکیں اور ہماری آبادیاتی حیثیت کا تحفظ کریں، چیف آف ساراوان

کوئٹہ (آن لائن) چیف آف ساراوان سابق وزیراعلیٰ رکن اسمبلی نواب اسلم رئیسانی نے کہا ہے کہ تمام بلوچ سیاسی قوتوں سے اپیل کرتا ہوں کہ آپس میں ایک ہوجائیں اور غیر ملکیوں کے ناپسندیدہ حملے کو روکیں اور ہماری آبادیاتی حیثیت کا تحفظ کریں خان آف قلات کنفیڈریسی کا سربراہ تھا نواب اسلم خان رئیسانی نے سماجی رابطے ویب سائٹ ٹوئٹر پیغام میں کہا ہے کہ فوجی توسیع پسندی کورونا وبائی امراض کی وباء کے تحت عروج پر ہے میں تمام بلوچ سیاسی قوتوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ آپس میں شامل ہوں اور غیر ملکیوں کے ناپسندیدہ حملے کو روکیں اور ہماری آبادیاتی حیثیت کا تحفظ کریں انہوں نے کہا ہے کہ خان آف قلات کنفیڈریسی کا سربراہ تھا جس سے بلوچستان اسمبلیز یونین بھی کہا جاتا ہے۔

سبی بازاروں میں غیر قانونی تعمیرات توڑنے کا آغاز کردیا ہے، یاسر خان بازئی

سبی (ش ن) ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر خان بازئی کی خصوصی ہدایت کی روشنی میں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سبی میر اسلم لغاری نے اپنی ٹیم کے ہمراہ سبی بازاروں میں غیر قانونی تعمیرات توڑنے کا آغاز کردیا ہے واضح رہے کہ ان غیر قانونی تعمیرات کی وجہ سے اکثر بازاروں اور اب تو عام دنوں میں بھی ٹریفک آپ کا انتظام بہت متاثر تھا جس کی وجہ سے گندے نالیوں کا پانی سڑک پر جمع

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس کے دوران فرائض سرانجام دینے والے 15 مرد وخواتین نرسز کورونا وائرس کا شکار ہوچکے ہیں

عارضی بنیادوں پر کام کرنے والی نرسز کو مستقل کیا جائے، نرسز ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر کا مطالبہ

کوئٹہ (این این آئی) نرسز ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر ملک عزیز کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں کورونا وائرس کے دوران فرائض سرانجام دینے والے 15 مرد وخواتین نرسز کورونا وائرس کا شکار ہوچکے ہیں جبکہ 30 سے زیادہ عارضی بنیادوں پر کام کرنے والی نرسز کو تنخواہوں سے محروم ہیں جبکہ انہیں مستقل بھی نہیں کیا گیا، نرسز ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر ملک عزیز کاکڑ نے کورونا وائرس سے محروم ہیں جبکہ انہیں مستقل بھی نہیں کیا گیا، کورونا وائرس کے خلاف فرائض سرانجام دینے والے محکمہ صحت کے ملازمین کو اضافی بنیادی تنخواہ دی جائے، اسٹوڈنٹس نرسز کو وظیفہ

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

اسلام آباد مشیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ سے وفاقی وزیر بحری امور علی زیدی نے ملاقات کررہے ہیں

حکومت بلوچستان کی طرف سے لاک ڈاؤن میں نرمی بڑی مشکل فیصلہ ہیں عوام کو احتیاط کرنا پڑیگا

قلات (آن لائن) حکومت بلوچستان کی طرف سے لاک ڈاؤن میں نرمی بڑی مشکل فیصلہ ہیں عوام کو احتیاط کرنا پڑیگا بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹر رہنما انجینئر ریاض احمد لانگو کامریڈ سلام لانگو حافظ منیر احمد مشکوئی محمد نور قادری ودیگر رہنماؤں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ حکومت بلوچستان کی لاک ڈاؤن میں نرمی کے فیصلہ

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس

وزیر خارجہ سینیٹ میں دیا گیا بیان واپس لیں یا استعفا دیں، بلاول بھٹو

اس قسم کی بیان بازی ناقابل برداشت اور وفاق کیلئے نقصان دہ ہے، وفاقی وزیر صاحب! ہمیں پتا ہے آپ نے اپنا لوہا کیسے منوایا

آپ کو کس نے وزیراعظم بننے کا خواب دکھایا، اب یہ وزیر پی ٹی آئی میں بھی وہی کھیل رہا ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو نے کہا ہے کہ وزیر خارجہ اپنا سندھ کارڈ سے متعلق بیان واپس لیں، یا استعفا دیں، اس قسم کی بیان بازی ناقابل برداشت اور وفاق کیلئے نقصان دہ ہے، وفاقی وزیر صاحب! ہمیں پتا ہے آپ نے اپنا لوہا کیسے منوایا، آپ کو کس نے وزیراعظم بننے کا خواب دکھایا، اب یہ وزیر پی ٹی آئی میں بھی وہی کھیل رہا ہے۔ انہوں نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ دوسرا سال ہے کہ حکومت بڑی دل کو ختم کرنے میں ناکام ہے۔ بڑی دل صرف کسان کیلئے نہیں بلکہ پاکستان کی فوڈ سکیورٹی کیلئے خطرہ ہے۔ یو این کی رپورٹ میں کہا گیا کہ پاکستان کی فوڈ سکیورٹی کو زیادہ خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ وفاقی حکومت کو ہیلتھ ورکرز کے ریلیف کیلئے اقدامات اٹھانے چاہئیں۔ سندھ حکومت ہیلتھ ورکرز کو رسک الاؤنس دے گی۔ دنیا بھر میں نرسیں اپنی جان خطرے میں ڈال کر انسانیت کی خدمت کررہی ہے۔ وباء سے نمٹنے کیلئے سندھ حکومت

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

عقیدہ ختم نبوت اہل ایمان کی وحدت، اتحاد اور روحانی سکون کا مرکز ہے، لیاقت بلوچ

اقتدار کے ایوانوں میں قادیانی دائرس گھسا ہوا ہے جو کورونا سے بھی بدتر ہے، نائب امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی جنرل لیاقت بلوچ نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت اہل ایمان کی وحدت، اتحاد اور روحانی سکون کا مرکز ہے، اقتدار کے ایوانوں میں قادیانی دائرس گھسا ہوا ہے جو کورونا سے بھی بدتر ہے، اہل ایمان نے ہمیشہ استعمار کے آلہ کاروں کے وار ناکام بنائے ہیں۔ ہدیۃ الہادی کے رہبر پیر سید پاران گیلانی کی سربراہی میں وفد سے گفتگو کرتے ہوئے لیاقت بلوچ نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر اور ہندوستان میں نریندر مودی سرکار کا شرمناک ہولناک فعل اختیار کرگیا ہے۔ عالمی برادری اور عالم اسلام کی بے حسی، جانبداری تاریخ کا بڑا المیہ ہے۔ کشمیر، فلسطین اور افغانستان کے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وفاقی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ اسد عمر ہیلتھ فورس کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

اسلام کی وباء لگنے کی صورت میں ہمیں پرہیز اور سخت احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی تعلیم دیتا ہے، سردار سکندر جوگیزئی

ہمارے ملک کے سماجی انتظامی محکمہ میں کورونا وائرس کے کیسز لاک ڈاؤن کم ہیں لیکن ہم نے سخت احتیاطی تدابیر پر عمل کرنا ہوگا، سابق گورنر، وفاقی وزیر

لورالائی (این این آئی) سابق گورنر، وفاقی وزیر سردار سکندر حیات خان جوگیزئی نے جیلپو بلوچستان کے زیر اہتمام مستحق افراد میں راشن تقسیم کرنے کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اسلام مستحق افراد کی مشکل کی گھڑی میں مدد کو نہایت اہمیت دیتا ہے اور اسے عبادت کا درجہ بھی حاصل ہوجاتا ہے ہمیں اس نازک صورتحال میں ایک قوم بنکر وباء سے نمٹنا ہوگا اور اس عالمی وباء پر ہمیں سیاست سے باہر رہتے ہوئے اپنا قومی فریضہ ادا کرکے وباء سے متاثرین کی بھرپور مدد

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

عوام کو صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لارہے ہیں، قائم خان لاشاری

ڈسٹرکٹ کے ہسپتالوں اور تمام مراکز صحت پر مریضوں کو علاج معالجہ کی فری سہولیات کے میکانزم کو بہتر اور مثالی بنایا جارہا ہے، ڈپٹی کمشنر پشین

پشین (ش ن) ڈپٹی کمشنر پشین قائم خان لاشاری نے کہا کہ صحت کے شعبے کی بہتری اور عوام کو صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لارہے ہیں، ڈسٹرکٹ کے ہسپتالوں اور تمام مراکز صحت پر مریضوں کو علاج معالجہ کی فری سہولیات کے میکانزم کو بہتر اور مثالی بنایا جارہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے "اسلامک ریلیف پاکستان (انٹرنیشنل) آرگنائزیشن کی طرف سے لاکھوں مالیت کی ادویات اور مشینری وصول کرنے کے بعد ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

ضلع کے مختلف علاقوں میں ندی نالے کے حملے سے فصلوں کو شدید نقصان پہنچا

کولہو (آن لائن) ضلع کے مختلف علاقوں میں ندی نالے کے حملے سے فصلوں کو شدید نقصان پہنچا، زمینداروں کی جانب سے فوری اقدامات کرنے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق ضلع کولہو کے مختلف علاقوں مکلوٹی، الاسے ڈنی، گاڑو اوغ، بوبڑی، مکہ وف، تجبو، ماہوتہ، سلیمہ، جھاڑ

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

نوشکی کے قریب لیویز گشتی گاڑی سے دو لیویز اہلکار گر کر زخمی

نوشکی (این این آئی) نوشکی کے قریب لیویز گشتی گاڑی سے دو لیویز اہلکار گر کر زخمی ہوگئے تحصیلدار عرفان علی کا کہنا ہے کہ غیر قانونی انسانی اسمگلنگ کرنے والے ایک گاڑی کا پیچھا کررہے تھے کہ گاڑی سے ہمارے دو نوجوان گر گئے جنکو معمولی چوٹیں آئیں جنہیں فوری نوشکی رورل ہیلتھ سینٹر پہنچا کر طبی امداد دی گئی۔

بلوچستان میں دہشتگردی کے واقعات میں براہ راست ملوث ہیں، میر ضیاء اللہ لانگو

بلوچستان دو وبائیوں سے دہشتگردی میں مبتلا ہیں مودی کے کشمیریوں پر ظلم وستم کا حساب دینا ہوگا بلوچستان کے غیور عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ ہیں

بلوچستان میں دہشتگردی کے واقعات میں براہ راست ملوث ہیں پاکستان کے ساتھ بلوچستان کے غیور عوام یک جان ہوکر کھڑے ہیں، میر ضیاء اللہ لانگو

کوئٹہ (آن لائن) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ پاکستان کیساتھ بلوچستان کے غیور عوام یک جان ہوکر کھڑے ہیں بلوچستان کے عوام نے آر آر ایس کا ناپاک ایجنڈے کو ناکام بنادیا ہے اس لئے انڈین میجر آگ بگولا ہوکر عندیہ اعتراف کردیا کہ بلوچستان میں دہشتگردی کے واقعات میں براہ راست ملوث ہیں ان خیالات کا اظہار میر ضیاء اللہ لانگو نے نجی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ انڈین میجر جس کا ذہن میں آر آر ایس کا ایجنڈا ہے بلوچستان کے عوام میں انڈین آر آر ایس کا ناکام ایجنڈے کو ناکام بنادیا اس لئے انڈین میجر آگ بگولا ہوکر اپنا غصہ نکال رہے ہیں انڈ

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.pk

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

13 مئی 2020ء

بلوچستان میں سمارٹ لاک ڈاون اور ایس او پیز

بلوچستان میں سمارٹ لاک ڈاون کا چھوتا روز سمارٹ لاک ڈاون کے تحت تمام شاپنگ مالز مارکیٹس دکانوں گودام آٹو ریپئر شاپس صبح 3 بجے سے سہ پہر 5 بجے تک کھلی رہے گی سمارٹ لاک ڈاون میں نرمی کے بعد ملک کے بیشتر شہروں کی رونقیں بحال تو ہوئیں لیکن اکثر مقامات پر شہریوں نے کورونا سے بچاو کی ایس او پیز کو ہوا میں اڑا دیا سمارٹ لاک ڈان ختم ہوتے ہی کوئٹہ میں دکانوں کے شٹر کھل گئے اور بازاروں میں لوگوں کا رش لگ گیا تاہم متعدد جگہوں پر کورونا سے بچاو کی احتیاطی تدابیر کو نہیں اپنایا گیا بازاروں میں شہریوں نے ایس او پیز کی دھجیاں اڑا دیں تو لوگ بازاروں میں بھی اکثر ماسک کے بغیر ہی نظر آئے سماجی فاصلہ تو درکنار، بازاروں میں رش اس قدر تھا کہ پیدل چلنا بھی محال تھا ضلعی انتظامیہ کے مطابق ہیئر کٹنگ سیلونز کو بھی صبح 3 بجے سے شام 5 بجے تک کھولنے کی اجازت ہے شام 5 بجے کے بعد ان کاروبار کو کھولے رکھنے پر ان کے خلاف قانونی کاروائی کی جائے گی تندور ڈیری پروڈکٹس شاپس میڈیکل سٹورز بلڈ بینک اور ٹیلر شاپس کو 24 گھنٹے کھلا رکھنے کی اجازت ہوگی ریسٹورنٹس اور ہوٹلز کو بھی صرف ہوم ڈیلیوری اور ٹیک آوے سروس کے لیئے 24 گھنٹے کھلا رکھنے کی اجازت ہوگی لاک ڈان میں کی جانے والی نرمی تاجروں اور عوام کے احتیاطی تدابیر کی ایس او پیز پر عملدرآمد سے مشروط ہے ورکرز اور گاہکوں کے لئے ہاتھ دھونے سینیٹائیزر کی فراہمی اور ماسک اور گلوز کا استعمال لازم ہے دکان میں ایک وقت میں 4 سے زائد افراد نہیں ہونگے۔

آہ انکل سعید اظہر

مریم گیلانی

کچھ لفظ بڑے حساس ہوتے ہیں، ذرا تھم سے چھولو تو آنسو بن کر لپکنے لگتے ہیں، کبھی زخم بن کر رسنے لگتے ہیں۔ آج کتنے دن ہو گئے میں ان لفظوں سے دوری رہی، میں جہاں سے گزرتی یہ وہیں موجود تھے لیکن نہ انہوں نے مجھے آواز دی نہ میں نے انہیں تھم کا راستہ دیا۔ شاید ہم دونوں ہی جانتے تھے کہ کبھی بڑی بے بسی ہوتی ہے، انصاف ہی نہیں ملتا، نہ لفظ کو تھم انصاف فراہم کرتا ہے، نہ تھم کو لفظ پکڑ پاتے ہیں۔ یہ زندگی بھی تو کتنی عجیب ہے، جیسے جیسے اردگرد سے لوگ سائے بنتے جاتے ہیں یہ انہی کی آوازوں سے بھرتی چلی جاتی ہے۔ کئی دن پہلے اس دنیا سے میرا اداس آنکھوں والے وہ چاچا بھی چلے گئے جنہیں اس دنیا سے لینے کیلئے میرے پاپا ضرور آئے ہوں گے۔ دونوں میں عجیب محبت تھی، ویسی ہی جیسے بچپن کی محبت ہوا کرتی ہے، منہ زور معلوم اور شرارتی۔ وہ دونوں اکٹھے ہوتے تو ان کے اردگرد کا وقت ہی بدل جاتا۔ پاپا کی شرارت یکدم عود آتی اور انکل سعید اظہر کی جھنجھلاہٹ میں بھی کبھی زمانے کا اثر دکھائی نہ دیا۔ وہ اکٹھے ہوتے تو وقت ان دو دوستوں کی باتوں کی گیند بن جاتا۔ وہ ایک دوسرے کی طرف اچھالتے رہتے، کھیلتے رہتے اور اردگرد کے لوگ اس خوبصورتی، اس محبت کی پھوار میں بھیگتے رہتے۔ میں نے اپنے پاپا کے جانے کے بعد ان کے دوستوں سے بے پناہ محبت کی، وہ ہی تو میرے باپ کا عکس تھے۔

ان میں سے ہر ایک سے مجھے اپنے پاپا کی خوشبو آتی تھی۔ ان کی مسکراہٹ میں میرے پاپا کی دوستی کی روشنی دکھائی دیتی رہی۔ مجھے لگتا رہا میرے پاپا دکھائی نہیں دیتے لیکن وہ میرے پاس ہیں لیکن میں انکل سعید اظہر سے چاہ کر بھی دوبارہ مل نہ سکی۔ میں ان کی آواز میں موجود تھکن برداشت نہیں کر سکتی تھی۔ میں نے ان سب لوگوں کو کتنا مضبوط، کتنا طاقتور، کتنا زندگی سے بھرپور دیکھا ہے، انہیں پیار اور اداس کیسے دیکھتی۔ انہوں نے لکھا "فاروق میرے آگے پیچھے رہتا اور میں رہتا رہتا ہوں۔ اسے شروع ہی سے میرے اردگرد رہنے کا شوق تھا اور مجھے آج اس کی یاد میں رونے کی رفاقت میں زندگی ملتی ہے" میں نے اس کالم کو جانے کتنی بار پڑھا اور پھر اس کا جواب بھی لکھا۔ انکل سعید اظہر کا نمبر تلاش کیا لیکن انہیں فون کرنے کی ہمت مجتمع نہ کر سکی، میں شاید کر ہی نہیں سکتی تھی اور اب وہ اس دنیا میں ہی نہیں رہے۔ دونوں دوست مل گئے ہوں گے اور بڑی لمبی باتیں ہوئی ہوں گی، گلے شکوے تو وہ نہ پہلے کبھی ایک دوسرے سے کرتے تھے نہ اب کئے ہوں گے۔ وہ ایک دوسرے کی رفاقت میں خوش رہتے تھے، اب بھی خوش ہوں گے۔ بڑا وقت دونوں نے ایک دوسرے سے ملے بغیر گزارا ہے اب باتیں ہو رہی ہوں گی۔

انکل حسین پراچہ نے مجھے فون کیا وہ مجھے انکل سعید اظہر کے چلے جانے کا بتانا چاہتے ہوں گے لیکن میں فون ہی نہ اٹھا سکی، کسی وجہ سے مصروف تھی۔ انکل حسین پراچہ بھی کمال کے آدمی ہیں، میرے پاپا کے بڑے پیارے دوستوں میں سے تھے۔ یوں تو وہ ہم سب سے ہی بہت محبت کرتے ہیں لیکن میرے لاہور شفٹ ہوتے ہی انہوں نے مانے مجھے گود لے لیا ہے۔ جب سر پر ایسے بڑے سلامت ہوں تو اپنے محفوظ ہونے کا خیال ہمیشہ ہی سر پر سایہ کئے رکھتا ہے۔ وہ جب محبت سے فون کرتے ہیں مجھے بلاتے ہیں میں اپنے پاپا کیلئے بھی دعا کرتی ہوں جن کی اتنے محبت کرنے والے اتنے مخلص ایسے خوبصورت لوگوں سے دوستی تھی۔ انکل نے مجھے فون پر میسج بھیج دیا اور جب میں نے وہ میسج پڑھا تو دل مانے کسی نے مٹھی میں لے لیا۔ یہ اتنے پیارے لوگ میرے پاپا کی یادیں زندگی کے مجھے کیساتھ سے بھرتی چلی جا رہی ہے اور ہم سب خاموش ہیں، اندر ہی اندر سسک رہے ہیں، گھٹ رہے ہیں۔ اندر کا اندھیرا بڑھتا جا رہا ہے کیونکہ یہ تو روشنی کی کرنیں ہیں جو آہستہ آہستہ بجھ رہی ہیں۔ ہم تو بچپن سے اتنے تناور درختوں کے سائے میں کھیلتے رہے، اب کیسے یہ درخت اپنے اپنے سائے سمیٹ کر دوسری جانب کوچ کر رہے ہیں۔ ہمیں یہاں دھوپ میں جھلستے چھوڑ کر، اپنے دوستوں کیساتھ اکٹھے ہو رہے ہیں۔ ہائے یہ خالی دنیا، ان میں سے ہر ایک جاتے جاتے ہمارا بچپن تھوڑا سا نوچ کر اپنے ساتھ لے جاتا ہے۔ ہمارے قد تھوڑے اور بڑے اور دل تھوڑے اور خالی ہوتے جاتے ہیں۔ شاید زندگی کی یہی حقیقت ہے کہ جن سایوں کو ہمیشہ اپنا حق سمجھا، ان پر کبھی زندگی کی بے ثباتی کا اثر ہوگا، یہ حساب ہی نہ کیا۔

اب ایک ایک کر کے سارے مسافر رخصت ہو رہے ہیں تو نظر آنے لگا ہے کہ اب فاصلہ بھی کم رہ گیا ہے لیکن اس کم فاصلے کے باوجود بھی دھوپ کا یہ سفر بڑا ہی تکلیف دہ لگتا ہے۔ انکل سعید اظہر چلے گئے اب کوئی بھی یہ نہ کہے گا۔ اوئے مجھے انکل نہ کہا کر، چاچا کہا کر۔ چاچے سے محبت ہوتی ہے، انکل تو بڑا ہیبت زدہ لگتا ہے۔ اب وہ ہاتھ کبھی دوبارہ میرے سر کیلئے نہ اٹھے گا۔ میری آنکھوں سے وہ آخری ملاقات کا منظر نہیں جاتا، پاپا کی وفات پر انکل جب گیٹ سے اندر داخل ہوئے تھے تو میں بھاگ کر ان سے لپٹ گئی تھی اور وہ کچھ نہ بولے! ہم دونوں کتنی دیر خاموش ان کرسیوں پر بیٹھے رہے، میں روتی رہی وہ بھی روتے رہے، پھر اٹھ کر اندر امی کے پاس چلے گئے، کہنے لگے رولے جتنا رونا ہے، اب تو یہ ساری عمر چلنا ہے۔ میں جانتا ہوں تمہارا کتنا بڑا نقصان ہو گیا اور آج میں وہ منظر بھول جانا چاہتی ہوں۔ میں گرمیوں کی دوپہر میں بس انہیں بیڈ پر نیم دراز کالم لکھتے یاد رکھنا چاہتی ہوں۔ میں ان کے گھر میں ناشتہ کرتے ہوئے ان کی باتوں کو یاد رکھنا چاہتی ہوں۔

میں وہ پکی پتنگ یاد رکھنا چاہتی ہوں جو انہوں نے مجھے اس لئے خرید کر دی تھی کیونکہ مجھے اجازت نہ تھی اور وہ پھیپھے کے قاتل تھے، آزادی کے قاتل تھے، میں ان کے ہاتھ کا اپنے سر پر لمس یاد رکھنا چاہتی ہوں۔ میں یہ یاد رکھنا چاہتی ہوں کہ میانی کا قبرستان انہوں نے مجھے دکھایا تھا۔ اب اسی قبرستان میں ان کے نام کی تختی ہے، میں یہ یاد نہیں رکھ سکتی کیونکہ میرے پاپا اور میرے انکل سعید اظہر تو یہیں ہیں میرے پاس میرے سامنے، اس وقت سے اس وقت کے درمیان کا دروازہ ہی تو کھولنا ہے، وہ بس جب چاہوں گی کھول لوں گی۔

میں ان کے گھر میں ناشتہ کرتے ہوئے ان کی باتوں کو یاد رکھنا چاہتی ہوں۔ میں وہ پکی پتنگ یاد رکھنا چاہتی ہوں جو انہوں نے مجھے اس لئے خرید کر دی تھی کیونکہ مجھے اجازت نہ تھی اور وہ پھیپھے کے قاتل تھے، آزادی کے قاتل تھے، میں ان کے ہاتھ کا اپنے سر پر لمس یاد رکھنا چاہتی ہوں۔ میں یہ یاد رکھنا چاہتی ہوں کہ میانی کا قبرستان انہوں نے مجھے دکھایا تھا۔ اب اسی قبرستان میں ان کے نام کی تختی ہے، میں یہ یاد نہیں رکھ سکتی کیونکہ میرے پاپا اور میرے انکل سعید اظہر تو یہیں ہیں میرے پاس میرے سامنے، اس وقت سے اس وقت کے درمیان کا دروازہ ہی تو کھولنا ہے، وہ بس جب چاہوں گی کھول لوں گی۔

قوم کو گھبرانا نہیں

تنویر صادق

عصر حاضر کے امیر المومنین ایک دن کچھ کرنے کے موڈ میں تھے۔ انہوں نے اپنے مشیران خاص میں سے ایک کو طلب کیا اور اسے کہا کہ وہ عوام کے مسائل کے حوالے سے پریشان ہیں اور اب کچھ ایسا کرنا چاہتے ہوں کہ عوام مجھے مدتوں یاد رکھیں۔ مشیر خاص نے ان کی طرف غور سے دیکھا اور ہاتھ جوڑ کر عرض کی کہ جناب خاص کی بات چھوڑیں اب تک عوام کے ساتھ آپ نے جو کچھ عام کیا ہے اس سے بھی لوگ آپ کو ہر دم یاد کر رہے ہیں اور مجھے یقین ہے مدتوں یاد رکھیں گے۔ اب کچھ مزید اور وہ بھی خاص کا بوجھ شاید ان سے برداشت نہ ہو۔ امیر المومنین نے ناراضی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ موجودہ حالات سے بہت پریشان ہیں۔ انہیں عوام کے مسائل کا احساس ہے اور وہ ان مسائل کا ٹھوس حل ڈھونڈ رہے ہیں۔ ان کے خیال میں مدینے کی ریاست میں حضرت عمرؓ لوگوں کے حالات کا جائزہ لینے اور لوگوں کی مشکلات حل کرنے کے لئے رات بھر مدینے میں گشت کیا کرتے تھے۔ وہ بھی چاہتے ہیں کہ ایسا ہی کام کریں اور حلیہ بدل کر کسی شہر میں نکلیں اور دیکھیں لوگوں کو میری حکومت میں لوگوں کو کیا مشکلات ہیں اور ہم ان کو کس طرح آسودگی دے سکتے ہیں۔ پھر انہوں نے فیصلہ سنا دیا کہ کل ہم دونوں فلاں علاقے میں چلیں گے اور رات بھر لوگوں کے حالات کا جائزہ لیں گے۔ یہ وہ علاقہ ہے جہاں ہماری حکومت نہیں اور سنا ہے وہاں کے لوگ بہت پریشان ہیں اور ہمیں تو لوگوں نے منتخب ہی اس لئے کیا ہے کہ ہمیں ہر حال میں اپنے وسائل کے مطابق ان کی پریشانیاں دور کرنی ہیں۔ مشیر خاص نے امیر المومنین کی گفتگو سننے کے بعد کہا کہ حضور جان کی امان پاؤں تو عرض کروں کہ آپ کا یہ فیصلہ کچھ زیادہ ہی خطرناک ہے، رسک نہ لیں۔ جس علاقے میں آپ پہلے جانا چاہتے ہیں وہاں آپ کی حکمرانی نہیں۔ اس علاقے کی صورت حال تو ویسے ہی خراب ہے، وہاں کے حکمرانوں نے ہر شہر میں کتوں کو آزاد چھوڑ دیا ہے۔ ان کتوں نے کاٹ کاٹ کر ہسپتال بھر دیئے ہیں، رات کو تو کتے مزید کتے ہو جاتے ہیں اس لئے کہ اس وقت ان کا مکمل راج ہوتا ہے اور اس وقت خطرہ بھی پورے عروج پر ہوتا ہے۔ آپ جانا بھی رات کو چاہتے ہیں۔ یہ بھول جائیں کہ وہاں کے کتے وزیر اعظم جان کر رات بھر آپ کا احترام کریں گے، جانور تو جانور ہوتا ہے اس سے خود کو بچانا پڑتا ہے۔ باقی رہ گئے ہمارے اپنے علاقے تو یاد رکھیں کتا تو شاید غلطی کر جائے یا نظر انداز کر دے اور آپ کو کچھ نہ کہے مگر ہمارے علاقوں کی پولیس کے بارے کیا کہوں۔ رات بھر تاکتا کر بیٹھے رہتے ہیں بس کوئی نظر آئے آوارہ گردی میں دھر لیتے ہیں۔ بندہ پیسے دے یا سیدھا حوالات میں۔ آپ تو پیسے تو پیسے نکالیں گے نہیں اور اپنی جان بچانے کو اگر آپ نے اپنا تعارف کرایا تو وہ مانیں گے نہیں، ایک تو ہاتھ اڑائیں گے دوسرا حوالات میں بند کرنے سے پہلے معمول کی عزت افزائی کرنے سے باز بھی آئیں گے نہیں۔

مشیر خاص کی گفتگو سن کر امیر المومنین غصے میں آ گئے اور بولے، جاؤ تو نالائق ہی ہے۔ اس وقت یہاں سے چل اور کچھ اور سوچ۔ مشیر خاص آرام سے واپس چلا گیا۔ امیر المومنین کی یہ صفت ہے کہ ناراضی اپنی جگہ مگر اپنے کسی مصاحب کو چاہے وہ جیسا بھی نالائق ہو نہ خود کچھ کہتے ہیں اور نہ کسی دوسرے کو کچھ کہنے دیتے ہیں چاہے وہ ایب کا ادارہ ہی کیوں نہ ہو۔ امیر المومنین کے ماتھے کی سلوٹیں دیکھ کر اس وقت وہاں موجود مزاج شناس مصاحبین بہر وقت میں سے ایک نے عرض کیا، جناب فکر نہ کریں، بہتر ہے اسے اسی حال میں چھوڑ دیں۔ آپ تو خود کہتے ہیں کہ کھوتا سکہ بھی کبھی کام آ جاتا تو جہاں آپ کے اردگرد آپ کے پروردہ اتنے کھوتے بیٹھے ہیں وہاں ایک اور سہی۔ "پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ" کا اصول آپ نے جہاں پوری قوم کو دیا ہے وہاں خود پر بھی نافذ سمجھیں۔ بس گھبرانا نہیں۔ میں کوئی شاندار حل ڈھونڈتا ہوں۔ آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

اگلے دن مصاحب مزاج شناس نے بتایا کہ امیر المومنین، میرا ایک واقف ابھی ابھی یورپ سے آیا ہے۔ فر فر انگریزی بولتا اور بہت مالدار ہے۔ اگر اسے مشیر رکھ لیا جائے تو نئے نئے آئیڈیاز سے آپ کو مالا مال کر دے گا۔ امیر المومنین کے چہرے پر رونق آ گئی۔ واہ واہ یورپ سے آیا ہے، انگریزی بھی ٹھیک بولتا ہے اور خاص اے ٹی ایم ہے۔ مطلب ملک کی معیشت کے ساتھ ساتھ ہماری پارٹی کی معیشت بھی شاندار ہو جائے گی، فوراً بلایا جائے۔ تھوڑی دیر میں ایک ممی ڈیڈی ٹائپ وہاں موجود تھی۔ امیر المومنین سے تعارف کرایا گیا کہ یہ باہر معیشت میں اور بڑے کام کے آدمی ہیں۔ لمبی زلفیں کچھ کھویا کھویا انداز، دماغی طور پر کچھ حاضر کچھ غیر حاضر۔ دیکھ کر امیر المومنین نے فرمایا، مجھے تو یہ فلسفی لگتے ہیں۔ نووارد نے کہا کہ آپ نے ٹھیک فرمایا۔ دنیا کے عظیم فلسفی افلاطون، جنہوں نے دنیا کو سیاسی رموز سے آشنا کیا اور جن کے خیال میں حکمرانی کے لئے موزوں ترین لوگ فلسفی ہونے چاہئے، میں ان کا شاگرد ہوں۔ مجھے پتہ چلا ہے کہ آپ معاشی بحالی کے لئے کچھ اچھوتا کام کرنا چاہتے ہیں۔ اب میں آ گیا ہوں تو کھبر انا نہیں کیونکہ اب فکر کی کوئی بات نہیں۔ امیر المومنین نے خوش ہو کر کہا، "اوئے، تم اب تک کہاں تھے، جلدی بتاؤ کیا کیا جائے کہ لوگ خوش ہو جائیں"۔

نوجوان فلسفی نے پہلے گول گول آنکھیں گھمائیں، پھر منہ اونچا کیا اور بڑی سنجیدگی سے بولے "میں آپ کا مسئلہ سمجھتا ہوں۔ جرمنی بھی ایسے ہی مسائل سے دوچار تھا۔ جو بھی چانسلر ہو پریشان رہتا تھا مگر میرے مشوروں پر عمل کا نتیجہ ہے کہ آج وہ یورپ کی سب سے بڑی چار ٹریلین کی اکانومی ہے۔ برطانیہ بھی آپ کو پتہ ہی ہے یورپ سے علیحدگی کے بعد اس کے حالات بہت خراب تھے بس دو تین مشوروں کے بعد آج اس کی اکانومی 8.2 ٹریلین پر ہے۔ فرانس کی 8.2 ٹریلین کی اکانومی بھی میری آرا کے بغیر ممکن نہیں تھی۔ اٹلی تو سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ اس کی اکانومی بھی 2 ٹریلین پر جا سکتی ہے مگر ہمارا کمال دیکھیں کہاں پہنچا دیا ہے"۔ امیر المومنین نے خوش ہو کر کہا "اوئے تو اس وقت تک کہاں تھا، ہمیں بھی بتا ہمارے لئے کیا مشورہ ہے"۔ فلسفی نے کہا "میرا کمپیوٹر اور دیگر چیزیں اس وقت اٹلی میں ہیں مجھے وہاں جا کر ان کو بتانا ہی ہے کہ میرے وطن کو میری ضرورت ہے اور اجازت بھی لینی ہے، ورنہ وہ کہاں، کہیں اور جانے دیتے ہیں۔ اپنی چیزیں اور ان سے اجازت کے بعد میں مستقل آپ کا سرکاری عہدیدار۔ بس میرے جانے اور آنے کا بندوبست کر دیں۔ میرے واپس آتے ہی آپ کے تمام تر مسائل دنوں میں حل ہو جائیں گے"۔ فلسفی چار ہفتے کی مہلت لے کر اٹلی چلا گیا۔

پچھلے ہفتے امیر المومنین نے اپنے مصاحب کو طلب کیا کہ تم نے ایک فلسفی بلایا تھا، جو چار ہفتے کے لئے واپس گیا تھا۔ مسائل سنگین تر ہوتے جا رہے ہیں، وہ ابھی تک نہیں آیا، اسے بلاؤ، فوراً آئے۔ مصاحب نے ہاتھ باندھ کر عرض کی "جناب وہ تو آنے کو تیار ہے مگر "کرونا" ضد کر رہا تھا کہ وہ بھی ساتھ چلے گا۔ میں نے منع کر دیا کہ بھائی پہلے اس سے جان چھڑاؤ پھر ہمارے پاس آنا۔ بہت اچھا اور ٹھیک کیا ہے۔ وہ "کرونا" ساتھ لے کر نہیں آ سکتا، امیر المومنین نے خوش ہو کر کہا۔ میرے جیسا ایک کالم نویس اس وقت وہاں بیٹھا تھا۔ اس نے ڈرتے ڈرتے کہا، "امیر المومنین! آپ کو اندازہ کیوں نہیں ہوتا کہ جب بھی کوئی غیر ملکی مشیر آتا ہے تو کوئی نہ کوئی روگ لازمی ساتھ لے کر آتا ہے۔ نئے مشیر کے "کرونا" سے آپ کو ڈر لگتا ہے، کبھی غور کریں، یہ سارے غیر ملکوں میں پروردہ مشیر اس قوم پر عذاب ہیں جو آپ نے پالے ہوئے ہیں۔ اپنی مٹی بھی بڑی زرخیز ہے کبھی اسے بھی آزما کر دیکھیں"۔ امیر المومنین جلال میں آ گئے، اوئے پکڑو اسے یہ یقیناً ثقافہ صحافی ہے اور مخالفوں کے لئے جاسوسی کرنے یہاں آیا ہے۔ ورنہ ہمیں غلط کہنے کی ہمت کیسے کرتا۔ ہم کیسے غلط ہو سکتے ہیں۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

ہم سب کا ایک ہی مسئلہ موت

میر سعید اللہ بزنجو

پوری دنیا کا ایک ہی مسئلہ ہے مرد ہو عورت ہو مشترکہ ہے لیکن نوعیت مختلف ہے ایک مسئلہ ساری دنیا کے مردوں اور عورتوں کی لئے ایسا ہے جو مشترکہ ہے اور وہ موت ہے جو ہم سب پہ اللہ پاک ایک دن طاری کرنے والا ہیں

کل نفس ذائقہ الموت

ترجمہ

(ہر نفس کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے) اور یہ جو مرد اور عورتیں ہیں یہ سب ایک موت کے ذائقہ کے چکھنے کے لیے تیار رہے ایک دن یہ سب بولتی زبانیں بند ہو جائیں گے۔ یہ دیکھتی آنکھیں بھی جائیں گے یہ سوتے ہوئے کانوں کی تار ٹوٹ جائیں گے یہ دھڑکنے والے دل خاموش ہو جائیں گے

جب آنکھ سے نظر آنا کم ہو جائیں تو ہم کتنے پریشان ہو جاتے ہے اور ٹیسٹ کرواتے ہے جب یہ آنکھ بالکل بند ہو جائیں تو کیا وہ پریشانی نہیں اگر جب کان سنے میں کم ہو جائے تو پریشان ہوتے ہے کوئی آلہ لگاو۔ میل نکالو۔ اگر یہ دن کام کرنا بالکل بند ہو جائیں گے کیا وہ اور دن پریشانی کا نہیں۔ تو ذرا سا ہاتھ شل ہو جائے حرکت کرنا کم جائے تو کہتے ہے مجھے فالج تو نہیں۔ مجھے کوئی دم کریں۔

مجھے کوئی تعویز دیں۔

کوئی دوائی دو کہ میرے ہاتھ کی حرکت کمزور ہو رہی ہے۔ میرا ہاتھ کانپتا ہے جس دن یہ ہاتھ بالکل سخت ہو جائیں گے اپنے اوپر مکھی کو بھی نہیں اڑا سکیں گے دل کی دھڑکن تو ذرا سی تیز یا سست ہو جائیں تو آدمی ہائے ہائے کرتا ہے کہ مجھے دل کا دورہ ہوا تو نہیں

مجھے کراچی لے جاو کیونکہ یہاں حب چوکی میں دل کا ڈاکٹر نہیں میرا علاج کرواو کہیں مجھے دل کا دورہ نہ پڑ جائیں جس دن یہ دھڑکتا دل بند ہو جائے تو کیا یہ مصیبت نہیں۔

میرے گھٹنوں میں درد ہے کوئی دوائی دو کرسی پر آ گیا تو پھر میں کس کام کا اور جس دن یہ پوری ٹانگیں حرکت کرنے سے عاجز ہو جائیں گی اور پتھر بن جائیں گی اکڑ جائیں گی تو کیا ہوگا اس دن بولا نہ جائے تو آدمی پریشان ہو جاتا ہے کہتا ہے میری زبان پہ کہیں فالج تو نہیں ہو گیا اس کا علاج کرو بلکہ جنہوں نے پڑھانا ہوتا ہے یا بولنا ہوتا وہ آپنے گلا نہ بیٹھنے کا خیال کرتے ہے مجھے اسکول میں جانا ہے بچوں کو پڑھانا ہے مجھے اور گانا گانا ہے

اگر یہ زبان گانا گاتے ہی ہمیشہ کیلئے خاموش ہوا تو کیا ہوگا۔ جس دن بچے پکار رہے ہوں اماں اماں ابا ابا لیکن آگے سے جواب ہی کوئی نہ ہوگا۔ ابا روزانہ صبح سویرے دکان پر جاتا تھا آج دکان کس کے حوالے کر کے جا رہا ہے کندھوں پہ سوار ہو کر۔

اماں صبح سویرے اٹھ کر گھر کے کاموں میں لگ جاتی تھی صفائیاں کر رہی ناشتے تیار ہو گئے برتن دھیلے جا رہے کپڑے دھیلے جا رہے اج اتنا بڑا گھر کھلا چھوڑ کر انہیں کے کندھے پر سوار ہو کر کہاں جا رہی ہے یہ کس دیس کے بعد ہجرت ہے جہاں جا کر کوئی واپس نہیں آیا

ترجمہ سب نے ہی یہ ذائقہ چکھنا ہے

اگلی آیات میں دل ہلانے والی سوال

ترجمہ۔۔۔۔ جو کچھ تم نے بازاروں میں کیا ۔۔۔ اور جو کچھ تم نے حب چوکی کے گھروں میں رہ کر کیا ایک دن اس کا پورا حساب ہوگا یا آجر دوں گا یا سزا دوں گا۔ اور اس کا حساب ہوگا اور اس پر جزا اور سزا ہوگا۔

اور موت کو دنیا کس سب سے بڑا مسئلہ بنا دیا یہ دنیا والوں کا جہاں ہے موت کو مسئلہ ہی نہیں سمجھتے

لیکن مہنگائی مسئلہ بن گی

برتن کا ٹوٹ جانا مسئلہ بن گیا

سر میں درد ہونا مسئلہ بن گیا

بچے کو نوکری نہیں ملی مسئلہ بن گیا یہ کتنا بڑا مسئلہ ہے کہ موت ہمارے اس جیتے جاگتے پورے وجود کو مٹی کے ڈھیر میں بدل دے گی۔ اور بچے تو ایک تازیانہ پڑتا ہے کیوں کہ یہ صرف کھیل اور کود کو دیکھا ہے ایک دم جب گھر میں ماتم چھاتی ہے تو ہو کہتا ہے کیا ہو گیا جب میرے والد محترم کا انتقال ہوا تو میرے بھتیجا نے پوچھا یہ لوگ کیوں رو رہے ہیں

میں نے کہا آپ کے دادا کا انتقال ہوا ہے تو وہ بچے نے کہا یہ انتقال کیا ہوتا ہے تو میں نے کہا یہ مر گیا ہے تو اس نے پوچھا یہ مرنا کیا ہوتا ہے

میں کہا یہ اللہ کے پاس چلا گیا ہے تو اس نے کہا یہ اللہ کے پاس کہاں چلا گیا ہے یہ تو سو رہا ہے تو بڑا عجیب کیفیت طاری ہو۔۔۔ اور پتہ چلا کہ یہاں جنازے بھی اٹھتے ہیں باور بھر لوگ قبروں میں ڈال کر بھول جاتے ہیں

کوئی باپ تھا جو حب چوکی کے بازار سے ہمارے لیے گرمی ہو یا سردی ہر چیز فراہم کرتا تھا صرف بچوں کی ایک مسکراہٹ دیکھنے

۔اور قرآن پاک موت کو ایک مسئلہ بنا کر پیش کرتا ہے اور دنیا کو گزرگاہ بتاتا ہے کہ تم دنیا کے کس چکر میں پڑے ہوئے ہوں

جیسے انسان کو بیماری ہوتا ہے تو کہتا ہے میں بلاک ہوا میرے سینہ میں درد ہے خدا کے واسطہ دیکھو مجھے دل کا دورہ ہوا ہے ڈاکٹر چیک کر کے کہتا ہے کچھ نہیں ایک ہو کس نے کہا پاگل ہو گیا تو وہ مطمئن ہو کر پھر گھر جاتا ہے

اللہ پاک ارشاد فرماتے ہے یہ لوگوں مجھ سے تو پوچھو کہ آپ نے یہ سارے بازار لوگوں کیلئے سر کا تاج بنائے بیٹھے ہو۔

نمازیں تمہاری چھوٹ گئیں

قرآن کا تلاوت چھوٹ گئی

سچ تم نے چھوڑ دیا محبتیں تم نے اور قربان کر دی

صداقت تم نے چھوڑ دی

اخلاص تم نے جاتا کیا۔

صرف اس پیٹ کی ایندھن کو بھرنے کیلئے اور اپنی چار دیواری کو بچانے کی خاطر۔

اس رب سے تو پوچھو جس نے بلوچستان کی زمین بچھائی

۔جس نے آسمان کی چھت کو تانا

جس نے سورج اور چاند کے چراغ جلائے

جس نے دن رات کی گردش کا نظام بنایا۔

تم سب کس کھیل تماشا میں ہو آپ نے دیکھا دس بارہ بچے کھیل رہے ہیں کسی نے پوچھا یہ کیا کر رہے ہو

تو کہا گیا کھیل رہے ہیں

جب بازار جا ہو تو کوئی پوڑیاں بنا رہا ہے

کوئی لسی بنا رہا ہے کوئی سبزی میں پانی پھینک رہا ہے کوئی دوکان میں جھاڑو دے رہا ہے ہم یہ سمجھتے ہے یہ کام کر رہے ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اگر میری نظروں سے دیکھو تو جو آپ کے نظروں سے بچے کھیل رہے تھے میرے نزدیک یہ دنیا ایک کھیل تماشا ہے جیسے بچے اپنے کھلونوں سے کھیل رہے ہوتے ہیں لھو (تماشا۔)

جس طرح اگر کسی بچے کا کوئی کھلونا ٹوٹ جائے تو وہ کس طرح روتی ہے اپنی ماں سے کہتی میرا نقصان ہوا ہے میرا کھلونا ٹوٹا ہے ماں کہتی کوئی بات نہیں کھلونا تھا اور آ جائے گا لیکن بچہ ضد کرتا ہے۔ کہ میرا بہت نقصان ہوا ہیں

اللہ پاک بھی یہ بات کہتا ہے آپ اس دنیا کی نقصان حب چوکی کی بازار میں نقصان جھاڑو کی نقصان پہ رونے پر بیٹھ گئے ہو یہ تو کچھ نہیں تم تو یہاں کی خوشیوں کو دل بیٹھے ہو یہ تو ذرا برابر نہیں قرآن پاک اس دنیا کو بچوں کے کھیل سے متشابہ ظاہر کرتا ہے۔ جہاں انسانی علم کچھ نہیں بتاتا وہاں اللہ بتاتا ہے اصل موت کے بعد کی زندگی ہے اس کی تیاری کرو حضرت علی رضی کا فرمان ہے

اے لوگوں موت سے کبھی بھی کوئی مکر نہیں لے سکا نہ کوئی بچ سکا بڑے بڑے پہلوانوں نے پنجہ آزمائی کی اور موت نے ان کے پنجے کو مروڑ کر زمین پر گرا دیا اور بڑے بڑے تیز رفتار دوڑنے والوں نے اس سے بھاگنے کی کوشش کی اور موت نے ان کی گردن کو پکڑ کر زمین پر پھینک کر خاک میں ملا دیا یہ وہ پہلوان تھے جن کے سامنے لاکھوں بھولو ہار گئے اور لاکھوں رستم زمان ہار گئے کوئی نہیں تک سکا ان کے سامنے مگر موت نے ان کو بھی نہیں بخشا۔۔ موت کی تیاری کرو اور قبل نے غفلت میں ڈالنے جاو اس کے آنے سے پہلے توبہ کر کے اپنے اللہ کے ساتھ معاملہ درست کر لو۔ اور صرف اللہ کی ذات ہے جو گناہ سے پاک ہے ایک اللہ ہے جو زوال سے پاک ہے ایک اللہ ہے جو موت سے پاک ہے۔ اللہ وہ ذات ہے جس کی ابتدا کوئی نہیں

اور اللہ وہ ذات ہے جس کی انتہا کوئی نہیں

دباؤ کا شکار بیوروکریسی

محسن گواریہ

ہم وہ بے سمت اور اعتدال سے عاری قوم ہیں جو سات عشرے سے زائد عرصہ کے بعد بھی ریاستی اداروں کو چلانے کیلئے قواعد وضوابط تشکیل دے سکے، نہ ان اداروں میں بھرتی کیلئے امتحانات کا کوئی موثر نظام وضع کر سکے۔ آج بھی ہم ریاست کے اہم ستونوں کی کارکردگی بہتر بنانے کی تدابیر پر سر جوڑے بیٹھے ہیں، ہم نے دوسروں کے کامیاب تجربات سے استفادہ کیا نہ خود کوئی میکنزم وضع کر سکے بلکہ ناکام تجربات سے دوسروں کیلئے نشان عبرت بنتے رہے۔ قیام پاکستان کے وقت ہمارے پاس پارلیمنٹ، فوج اور عدلیہ سمیت کوئی ایسا ادارہ نہ تھا جو نئی ریاست کی ذمہ داری بحسن و خوبی اپنے کندھوں پر اٹھا سکے، انگریز کی تربیت یافتہ بیوروکریسی نے اس نازک اور حساس موقع پر یہ ذمہ داری اٹھانے کی ٹھانی، تاریخ کے طالب علم جانتے ہیں کہ آزادی کے ابتدائی ایام میں ملکی بیوروکریسی نے بڑی محنت جانفشانی سے نومولود ریاست کے انتظامات کو سنبھالا۔ وقت کیساتھ اقتدار کی چھینا جھپٹی، ریشہ دوانیاں، بھلاتی سازشیں تر

شال — بقیہ 1

ارکان ہوں گے دیگر ارکان میں وزیراعظم کے مشیر برائے خزانہ واقتصادی امور، طارق باجوہ (پنجاب)، ڈاکٹر اسد سعید (حکومت سندھ) اور مشرف رسول سیال (حکومت خیبرپختونخوا، جاوید جمالدینی (حکومت بلوچستان) شامل ہیں، وفاقی سیکرٹری خزانہ این ایف سی کے سرکاری ممبر (ایڈیشنل ایکسپرٹ) ہوں گے۔ صدر مملکت نے وزیر خزانہ کی عدم موجودگی میں وزیراعظم کے مشیر برائے خزانہ ومحصولات کو این ایف سی ایوارڈ کے اجلاسوں کی صدارت کا اختیار تفویض کردیا ہے۔ آئین کے آرٹیکل 160 (2) کے تحت این ایف سی ایوارڈ کے ورٹیکل ریفرنس میں وفاق اور صوبوں کے درمیان کئی ٹیکسوں کی تقسیم شامل ہے۔ ان میں آمدنی پر ٹیکس، شمول کارپوریشن ٹیکس بھی شامل ہے تاہم اس میں وفاقی کنسالیڈیٹڈ فنڈ پر محاصلوں کی ادائیگی سے حاصل آمدن پر ٹیکس شامل نہیں ہوگا۔ ایوارڈ کی تجویز ڈرافٹ، درآمد و برآمد، پیداوار، میوفیکچرنگ اور استعمال پر عائد ٹیکس، کان پر ایوارڈ شمول صدر مملکت کی طرف سے مخصوص کردہ دیگر برآمد کی اشیاء پر ایوارڈ اور صدر مملکت کی طرف سے مخصوص کردہ ایکسائز ڈیوٹیز و دیگر ٹیکسز کی تقسیم بھی این ایف سی کرے گا۔ وفاقی حکومت کی طرف سے صوبائی حکومتوں کیلئے گرانٹ ان ایڈ کی تیاری، ولائین کے تحت وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے قرضوں کے اختیارات، محصول درآمد، آزاد جموں وکشمیر حکومت، گلگت بلتستان اور خیبرپختونخوا میں ضم ہونے والے سابق قبائلی اضلاع کیلئے وسائل کا جائزہ اور مخصوص، سلامتی اور قدرتی وغیرہ آفات پر اخراجات کا جائزہ اور وسائل کی تخصیص، مجموعی قومی قرضوں کا جائزہ اور ان کی ادائیگی کیلئے وسائل مختص کرنا، وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے مالی میزانیوں میں فراہم کردہ زرتلافیوں کا جائزہ لینا اور اس مقصد کیلئے مالی وسائل فراہم کرنے پر اتفاق رائے، سرکاری کاروباری اداروں کے خسارے کو کم کرنے کیلئے راہوں کا تعین کرنا اور وفاق وصوبوں کے درمیان خسارے کو بانٹنے کیلئے طریقہ کار وضع کرنا این ایف سی کے فرائض میں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ این ایف سی صدر مملکت کی طرف سے ارسال کردہ دیگر کسی بھی مالیاتی انتظام کا جائزہ لے سکے گا۔ وزارت خزانہ دستور کے مطابق این ایف سی کو سیکرٹریٹ طرز کی معاونت فراہم کرے گی۔

شال — بقیہ 2

کیسز کوئٹہ میں رپورٹ ہوئے ہیں باقی 15 سے 20 فیصد کیسز پورے بلوچستان میں سامنے آئے ہیں اب بھی ایسے کئی اضلاع ہیں جہاں ایک بھی کیس رپورٹ نہیں ہوا صحت انٹرنیشنل کے تحت صوبے میں 4 ہزار افراد کو آئسولیٹ کرنے کی صلاحیت موجود ہے اس کے علاوہ 70 وینٹی لیٹرز موجود ہیں، وہ وقت گزر چکا ہے جب بلوچستان کے لوگوں کو چند پیسوں کے عوض بیچا جاسکتا تھا اب صوبے میں ترقی، خوشحالی اور امن کا دور دورہ ہے تعلیمی پسماندگی کا خاتمہ، انفرسٹرکچر میں بہتری اور سب سے بڑھ کر امن وامان کی صورتحال میں بہتری ایک بدلے ہوئے بلوچستان کی نشانی ہے ان خیالات کا اظہار وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان نے نجی ٹی وی سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا۔

شال — بقیہ 3

ٹیکنالوجی فواد چوہدری کا کہنا ہے کہ انہوں نے ٹیکنالوجی فواد چوہدری کا کہنا ہے کہ انہوں نے اپنی ایجنٹ قومی اسمبلی قاسم سوری کو خط لکھا ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ ممبران کو لکھا گیا ہے تو پہلے انہیں سائنٹسٹ اور وائرلوجی ماہرین سے بریفنگ دلوائیں کہ کورونا وائرس ہے کیا؟، بریفنگ دلوائیں کہ کورونا وائرس پھیل کیوں رہا ہے، اس پر ریسرچ کس اسٹیج پر ہے، دنیا کب تک اس کا علاج دریافت کرسکتی ہے؟ بریفنگ دلوائیں کہ 5 پاکستانی یونیورسٹیز نے کورونا وائرس کی سائنٹ پر اسٹڈی کی ہے، ان کی ریسرچ کیا کہتی ہے؟ وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کا یہ بھی کہنا ہے کہ ایسے اجلاس کا کیا فائدہ کہ ایک ادھر سے سیاسی تقریر کرتا ہے، دوسرا ادھر سے نشتر چلاتا ہے۔ اللہ اللہ خیر صلا۔

شال — بقیہ 4

اجتماعات اور عیدملن پارٹیوں کے انعقاد سے اجتناب کیا جائے تاکہ کورونا وائرس سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد اور سماجی فاصلے برقرار رہ سکیں کابینہ کی جانب سے عوام الناس اراکین اسمبلی قبائلی وسماجی معززین سے بھی سرکاری سطح پر باقاعدہ اپیل کی گئی ہے کہ عید سادگی سے مناتے ہوئے اجتماعات اور عیدملن پارٹیوں سے گریز کیا جائے اور عوام خود کو کورونا وائرس سے محفوظ رکھ کر اپنے خاندان کو بھی اس سے محفوظ بنائیں کابینہ نے کورونا وائرس سے متاثرہ افراد کی جلد صحتیابی اور وائرس سے جاں بحق افراد کی مغفرت کی دعا کی ہے، اتوار اجلاس میں مختلف اہم صوبائی امور کا جائزہ لیتے ہوئے متعدد فیصلے کئے گئے کابینہ نے تاب تعمیرات کی 58 خالی آسامیوں پر پبلک سروس کمیشن کے ذریعے بھرتی کی منظوری دے دی فیصلے کا مقصد بھرتی کے عمل میں میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنانا ہے۔

شال — بقیہ 5

چاہئے تھا کہ ایجوکیشن کی ریکنڈیشن سے پہلے خود اجلاس بلائی حکومت کی جانب سے کورونا سے متعلق درست پالیسی نہیں اپنائی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشکل حالات میں کردار ادا کرنا آئینی اداروں کی ذمہ داری بنتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اس سنگین صورتحال کے حل کیلئے اپوزیشن سے مل جلنے کی بجائے اپوزیشن سے الجھ رہی جس کا نتیجہ پوری قوم کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے بیان دیا کہ پیاک ان اشرافیہ نے لگائی اس وقت بھی اشرافیہ کے خلاف نفرت پیدا کی گئی کابینہ کے کچھ ارکان کو اپوزیشن کیخلاف بیان بازی کیلئے منتخب کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا رویہ شروع دن سے منفی رہا قوم نے ہر مشکل میں کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پینشنرز کی جنگ سے لنگر لنڈے تک قوم نے آگے بڑھ کر کردار ادا کیا، سندھ حکومت عوام دشمن صرف مرکزی حکومت محب وطن ہے پتا ثر دیا گیا۔

شال — بقیہ 6

کنٹریکٹ پر بھرتیاں کررہی ہے، بعد میں ان کو کنفرم بھی کریں گے۔ وزیراعظم کو پارلیمنٹ میں آنا چاہیے تھا، ان کی ذمہ داری ہے، وہ وزیر صحت بھی ہیں، ان کو ہاؤس میں آکر صورتحال سے آگاہ کرنا چاہیے۔ وفاقی وزیر کہتا ہے کہ ہمیں سندھ سے بو آرہی ہے؟ کس قسم کی بیان بازی ہے؟ جب ہم بلوچستان کے ساتھ زیادتی اور انسانی حقوق کی دھجیاں اڑائی جارہی ہیں، ہم ان کی بات کرتے ہیں، تو کیا ہم بلوچستان کا راگ الاپتے ہیں، جب خوفناک پنجاب کی پسماندگی، خیبرپختونخوا اور گلگت بلتستان کی بات کرتے ہیں تو کیا ہم کوئی کارنامہ انجام دے رہے ہیں؟ وزیر خارجہ جو بیان واپس لیں، اگر یہ بیان واپس نہ لیا تو استعفا دیں، اس قسم کی بیان بازی برداشت نہیں کریں گے۔

شال — بقیہ 7

کھڑے ہیں بلوچستان کے غیور عوام اور حکومت بلوچستان نے انڈیا کے بلوچستان میں دہشتگردی کے کرتوتوں دنیا کے سامنے رکھ دیئے ہیں بلوچستان دہائیوں سے دہشتگردی میں ہلاک ہوئے ہیں مودی کے کشمیریوں پر ظلم وستم کا حساب دینا ہوگا بلوچستان کے غیور عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ ہیں۔

شال — بقیہ 8

بازاروں میں بھی اکثر ماسک کے بغیر ہی نظر آئے سماجی فاصلہ تو درکنار بازاروں میں رش اس قدر تھا کہ پیدل چلنا بھی محال تھا ضلعی انتظامیہ کے مطابق پیر کنگ سیلونز کو بھی صبح 3 بجے سے شام 5 بجے تک کھولنے کی اجازت ہے شام 5 بجے کے بعد ان کاروبار کو کھولے رکھنے پر ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی تھوڑا بھی انٹم بم یا ڈیزل کی بو پر ہی پولیس شاہین میڈیکل سٹورز ہنڈ چیک اور ٹیلر شاپس کو 24 گھنٹے کھلا رکھنے کی اجازت ہوگی ریسٹورنٹس اور ہوٹلز کو بھی صرف ہوم ڈلیوری اور ٹیک آوے سروس کے لیے 24 گھنٹے کھلا رکھنے کی اجازت ہوگی لاک ڈاؤن میں کی جانے والی نرمی تاجروں اور عوام کے احتیاطی تدابیر کی اپیل اور پیز پر محدود آمد سے مشروط ہے درکار ماسک کے لئے ہاتھ دھونے سینیٹائزر کی فراہمی اور ماسک اور گلوز کا استعمال لازم ہے دکان میں ایک وقت میں 4 سے زائد افراد نہیں ہوں گے۔

شال — بقیہ 9

برائے میری ٹائمز کے مقابلہ کے لئے وزارت کے مالی تقاضوں پر بریفنگ دی گئی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آئی ایم ایف اقتصادیات دسمبر 2021 میں ہوں گے اس عمل کے مالی مضمرات پہلے ہی مکمل ہو چکے ہیں۔ مشیر خزانہ نے علی زیدی کو ان کے جاری منصوبوں کے لئے مکمل حمایت کا یقین دلایا۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ وزارت مالی سال کے لئے پہلے سے مختص کردہ بجٹ کی حد میں تمام ضروریات کو پورا کرسکے گی۔

شال — بقیہ 10

نامناسب ہے، وزیر خارجہ کو اس طرح غلط بیانی نہیں کرنی چاہئے۔ منگل کو اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیر خارجہ نے ایوان میں آکر میرے بیان سے متعلق غلط بیان کی، شاہ محمود قریشی کے بیان سے مایوسی ہوئی۔ سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ میرے بیان کو توڑ مروڑ کے پیش کیا گیا، میں نے اجلاس بلانے کی مخالفت نہیں کی۔ سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ میں نے احتیاطی تدابیر اور کورونا ٹیسٹ کو لازمی قرار دیکر اجلاس بلانے کی تجویز دی، میری تجویز ارکان پارلیمنٹ اور محلے کے کو محفوظ بنانے سے متعلق تھا۔ سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ میں نے تمام ممبرز اور محلے کی جانوں کو محفوظ بنانے کی تجویز دی، میرا بیان پیپلز پارٹی کا نہیں میری ذاتی تجویز تھی۔ سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ پیپلز پارٹی میں تفریق کا بیان نامناسب ہے، وزیر خارجہ کو اس طرح غلط بیانی نہیں کرنی چاہئے۔

شال — بقیہ 11

منگل کو معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر ظفر مرزا نے نرسوں کے عالمی دن کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 12 مئی کو پوری دنیا میں نرسز کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ نرسز اور مڈوائف صحت کے شعبے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں، نرسز دیکھ بھال کی خدمات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ عالمی ادارہ صحت نے سال 2020 کو نرسوں اور مڈوائف کا عالمی سال قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایجنڈا 2030 کے مطابق دنیا کو صحت کی کوریج حاصل کرنے کیلئے نولین مزید نرسز اور دائیوں کی ضرورت ہے۔ نرسنگ کے بین الاقوامی معیار کے مطابق پاکستان کو 13 لاکھ مزید نرسوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں تقریباً 87000 رجسٹرڈ نرسیں کام کررہی ہیں۔ ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ کورونا وائرس اور دیگر وبائی امراض کے ساتھ جاری لڑائی کی وجہ سے نرسنگ پیشہ کی اہمیت کئی گنا بڑھ چکی ہے۔ ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ عالمی سطح پر صحت کی دیکھ بھال کو فروغ دینے اور خواتین کے حقوق کے تحفظ میں نرسوں کا کلیدی کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صحت کی پالیسی میں نرسوں اور مڈوائف کے کردار کو بڑھانے کے لئے کام کررہی ہے، حکومت پاکستان نرسنگ کے شعبہ میں افرادی قوت میں سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرے گی۔ ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ نرسنگ کے شعبہ میں تحقیق افرادی صلاحیت کی تکمیل اور بہترین اصولوں پر کاربند رہنے کو ترجیح دی جائے گی۔ ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ نرسوں کو صحت کی دیکھ بھال کے علاوہ اساتذہ محققین اور مشیران کے طور پر جانچا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبہ کے تحت موسم خزاں میں پورکاٹ آف نرسنگ میں ایک پائلٹ پروجیکٹ شروع کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ جہاں 25 نرسوں کے پہلے بیچ میں پورکاٹ ای اسکول آف نرسنگ سے بنیادی نرسنگ کوالیفائی کرنے والے طالب علموں کو پبلک ہیلتھ کے 1 سالہ پوسٹ بیسک کورس میں داخلہ دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پبلک ہیلتھ کا یہ پائلٹ پروگرام دو سال سرٹیفکیٹ پروگرام تک قابل توسیع ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نرسنگ کی بنیادی تعلیم کے آغاز سے ہی منتخب طلباء کو اپنی خدمات انجام دینے کے لئے تیار کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد 27 شہری اور 23 دیہی یونین کونسلوں پر مشتمل ہے، دیہی یونین کونسلیں 133 دیہات پر مشتمل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 25 پبلک ہیلتھ نرسوں کا پہلا بیچ آئی سی ٹی کے ضلعی ہیلتھ سسٹم میں شامل کیا جائے گا، جو دیہی یونین کونسل کے لئے ایک اپنی خدمات سرانجام دیں گے۔

شال — بقیہ 12

ایڈز آپریشن سینٹر کا کورونا وائرس سے متعلق تازہ ترین اپ ڈیٹ جاری کردی ہے جس کے مطابق ملک میں کورونا کے تصدیق شدہ کیسز کی تعداد 32081 تک پہنچ گئی۔ بیشتر کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے مطابق گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 1140 نئے کیسز رپورٹ ہوئے۔ بیشتر کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے مطابق پنجاب میں کورونا وائرس کیسز کی تعداد سب سے زیادہ 11869 تک پہنچ گئی۔ کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے مطابق سندھ میں 12017 کورونا وائرس کیسز رپورٹ ہوئے۔ بیشتر کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے مطابق خیبرپختونخوا میں کیسز کی تعداد 4874 اور اسلام آباد میں 716 ہوگئی۔ کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کے مطابق بلوچستان میں 2061 گلگت بلتستان میں 457 کیسز رپورٹ ہوئے۔ بیشتر کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے مطابق آزاد کشمیر میں کورونا وائرس کیسز کی تعداد 86 ہوگئی۔ کمانڈ سینٹر کے مطابق ملک بھر میں اب تک 8555 مریض مکمل طور پر صحتیاب ہوگئے۔ بیشتر کمانڈ اینڈ سینٹر کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں 39 نئی اموات سامنے آئیں، کورونا وائرس سے سے موت کے منہ میں جانے والے افراد کی تعداد 706 تک پہنچ گئی۔ بیشتر کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے مطابق اب تک 3 لاکھ 5 ہزار 851 افراد کے کورونا وائرس کے لیے ٹیسٹ کیے گئے، گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں 10957 افراد کے ٹیسٹ کیے گئے۔

شال — بقیہ 13

علاقوں سمیت مضافاتی علاقوں، دیہاتی، مسکینوں، دور بن چاہ، اور تمام چھوٹے بڑے گاؤں میں تمام ضرورت مندوں کو غریب، دیہاڑی دار اور مستحق افراد میں راشن تقسیم کرنے کا سلسلہ شروع کردیا گیا ہے گزشتہ روز مستحق افراد کے گھر گھر جا کر ان علاقوں سے متاثرہ لوگوں میں راشن تقسیم کردیا گیا عوامی حلقوں میں ایف بی بلوچستان اور تھیلیسیمیا انٹرنیشنل کی اس اقدام کو خوب سراہا گیا مستحق افراد کا کہنا تھا ایف بی بلوچستان کے ساتھ زیادتی اور انسانی حقوق کی دھجیاں اڑائی جارہی ہیں، ہم ان کی بات کرتے ہیں، تو کیا ہم بلوچستان کا راگ الاپتے ہیں، جب خوفناک پنجاب کی پسماندگی، خیبرپختونخوا اور گلگت بلتستان کی بات کرتے ہیں تو کیا ہم کوئی کارنامہ انجام دے رہے ہیں؟ وزیر خارجہ اپنا بیان واپس لیں، اگر بیان واپس نہ لیا تو استعفا دیں، اس قسم کی بیان بازی برداشت نہیں کریں گے۔

شال — بقیہ 14

کیٹگری 1 کے تحت 11 مئی 2020 تک صوبہ کے اضلاع جو کہ مختلف کیمپ سائٹس اور اسی طرح تمام اضلاع کے تقسیم کے مراکز میں مجموعی طور پر 253093 مستحقین میں سے 190228 کو 2365 ملین کیش رقوم کی تقسیم یقینی بنائی گئی ہے جنکی مجموعی شرح 75 فیصد بنتی ہے۔ اسکے علاوہ کیٹگری 2 کے تحت 11 مئی 2020 تک صوبہ کے اضلاع کے تقسیم کے مراکز میں مجموعی طور پر 231476 مستحقین میں سے 156613 کو 1879 ملین کیش رقوم کی تقسیم یقینی بنائی گئی جنکی مجموعی شرح 68 فیصد بنتی ہے۔ جبکہ کیٹگری 3 کے تحت 11 مئی 2020 تک صوبہ کے اضلاع جو کہ مختلف کیمپ سائٹس اور اسی طرح تمام اضلاع کے تقسیم کے مراکز میں مجموعی طور پر 75691 مستحقین میں سے 2070 کو 84.24 ملین کیش رقوم کی تقسیم یقینی بنائی گئی ہے جنکی مجموعی شرح 3 فیصد بنتی ہے۔

شال — بقیہ 15

مسائل کے حل کے ساتھ دنیا اور خطہ کا امن جڑا ہوا ہے۔ امریکہ، یورپ، انڈیا، اسرائیل اپنے جارحانہ سیاسی، اقتصادی ناجائز مفادات کے لیے پوری دنیا کو تباہ کررہے ہیں۔ کرونا وبا نے بکھر دنیا کو موقع دیا ہے کہ استحصالی نظام بدلا جائے۔ انسانوں کو آزادی، خودمختاری کا بنیادی حق دیا جائے۔ لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ کرونا وبا نے ساری دنیا کو تپٹ کردیا ہے۔ دنیا بھر کا سماجی واقتصادی نظام اجیر ہوگیا ہے۔ یہ امر نوشتہ دیوار ہے کہ مغربی سرمایہ دارانہ نظام اور مغرب کی سیاسی تہذیبی بالادستی سے بیزار ہے اور اب اس کے خاتمہ کا وقت آگیا ہے۔ مغربی تہذیب اپنے تمام حوالوں سے اپنے انجام کی طرف ہے۔ مولانا مودودی نے اشتراکیت اور مغربی سرمایہ دارانہ اقتصادی نظام کے خاتمہ کی نوید سنائی تھی۔ دونوں نظام بے نقاب ہوگئے ہیں۔ دنیا بھر کے انسانوں اور عالم اسلام کے لیے اسلام کی حکمرانی میں ہی امن، تحفظ، ترقی واستحکام اور فلاح ہے۔

شال — بقیہ 16

نے کہا کہ نیب اقوام متحدہ کے اشعار بدعنوانی کنونشن (یو این سی اے سی) کے تحت بدعنوانی کی روک تھام کے لئے فوکل ادارہ ہے۔ نیب کو اصلاحات کے ذریعے فعال اور معتبر بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ انتظامیہ کی جانب سے 2019 میں بدعنوانی کی روک تھام کیلئے کئے گئے اقدامات بالخصوص کالجوں اور یونیورسٹیوں کے نوجوانوں میں بدعنوانی کے برے اثرات سے آگاہی کی مہم کامیاب رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیب کرپشن فری پاکستان پر یقین رکھتا ہے، اسی تناظر میں بدعنوان عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانے اور متاثرین کی رقم کی ان کی واپسی کے لئے آگاہی، تدارک اور قانون پر عملدرآمد کی پالیسی جاری رکھے گا۔ عالمی اقتصادی فورم جیسے معتبر ادارے نے عالمی مسابقتی انڈیکس 2019 کی رپورٹ میں کرپشن فری پاکستان کیلئے نیب کی شاندار کارکردگی کی تعریف کی ہے جبکہ مین نیب نے کہا کہ مضاربہ/مشارکہ مقدمات کو منطقی انجام تک پہنچانا نیب کی اولین ترجیح ہے۔ تاکہ مضاربہ/مشارکہ سکیڈلز کے تمام متاثرین کو ان کی لوٹی گئی رقم قانون کے مطابق جلد واپس کی جاسکے۔ مضاربہ کیس میں احتساب عدالت اسلام آباد نے غلام رسول اعوان اور مجاہدین کو 11 سال قید اور 67 ملین روپے جرمانہ کی سزا سنائی، ملزمان پر الزامات درست ثابت ہوئے اور احتساب عدالت اسلام آباد نے دونوں ملزموں کی جائداد ضبط کرنے کا حکم دیا۔ ایک اور مضاربہ کیس میں احتساب عدالت اسلام آباد نے ملک احسان الحق اور ان کے 9 شریک ملزمان کو 10 سال قید اور ایک ارب روپے جرمانہ کی سزا سنائی۔ یہ نیب کی تاریخ کی سب سے زیادہ سزا ہے۔ چیف آبجیکٹو آفیسر میسرز فیاض گروپ آف انڈسٹریز ملک احسان الحق اور دیگر 9 ملزمان کے خلاف احتساب عدالت اسلام آباد میں نیب راولپنڈی نے جامع اور ٹھوس شواہد پیش کئے، اجلاس میں یہ بھی بتایا گیا کہ نیب راولپنڈی نے متعلقہ احتساب عدالتوں میں 30 بدعنوانی کے ریفرنس دائر کئے ہیں، 877837.644 ملین روپے برآمد کئے ہیں جبکہ منجمد کئے گئے اثاثوں کی مالیت 5.1646 ملین روپے ہے، ان مقدمات میں متاثرین کی تعداد 31 ہزار 524 ہے جبکہ ملک احسان الحق، ملک ابرار الحق، حافظ محمد نواز، معین اسلم، عبیداللہ، ملک شبیر احمد جنجوعہ، اسجاد احمد، آصف جاوید، غلام رسول اعوان، محمد حسین احمد، حامد نواز، محمد عرفان، بادل خان بلوچ، مطیع الرحمن، محمد نعمان قریشی، سید کلیم حسین، محمد عادل بٹ، محمد ثاقب، عمیر احمد، عقیل عباسی، ملک حنیف خان، نذیر احمد، ابراہیم اور سیف اللہ سمیت 45 ملزموں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ چیئرمین نیب جسٹس جاوید اقبال نے نیب راولپنڈی کی کارکردگی کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ نیب مضاربہ/مشارکہ مقدمات کو منطقی انجام تک پہنچانے کیلئے پرعزم ہے۔ تمام افسران واہلکاران کو ہدایت کی ہے کہ وہ مضاربہ/مشارکہ سکیڈلز کے بدعنوان عناصر سے لوٹی گئی رقم کی واپسی کیلئے بھرپور کوششیں کریں۔ چیئرمین نیب نے یہ بھی ہدایت کی کہ بدعنوان عناصر کو گرفتار کرنے کیلئے ضروری اقدامات کئے جائیں تاکہ مضاربہ/مشارکہ سکیڈلز کے تمام متاثرین کو ان کی لوٹی گئی رقم جلد واپس کی جاسکے۔ چیئرمین نیب نے یہ بھی ہدایت کی کہ مضاربہ/مشارکہ سکیڈلز کے مقدمات کی خصوصی شواہد اور میرٹ پر موثر پیروی کی جائے۔

شال — بقیہ 17

سے خاتون افسران کی جانب مالی فائدہ لینے والے معاملے پر ایکشن لیتے ہوئے ایف آئی اے نے فراڈ کرکے قومی خزانے کو نقصان پہنچانے پر سات خواتین افسران پر ایف آئی آر درج کرادی ہے ایف آئی اے ذرائع کے مطابق غریب ومستحق ظاہر کرکے قوم سے وصول کرنے والی خواتین کی جانب سے رقم واپس کرنے پر کیسز داخل کرائے گئے، ایف آئی آر میں نامزد خواتین محکمہ تعلیم، صحت سمیت دیگر شعبوں میں گریڈ سترہ سے گریڈ بیس پر براجمان ہیں۔

شال — بقیہ 18

بازاروں میں بھی اکثر ماسک کے بغیر ہی نظر آئے سماجی فاصلہ تو درکنار بازاروں میں رش اس قدر تھا کہ پیدل چلنا بھی محال تھا ضلعی انتظامیہ کے مطابق پیر کنگ سیلونز کو بھی صبح 3 بجے سے شام 5 بجے تک کھولنے کی اجازت ہے شام 5 بجے کے بعد ان کاروبار کو کھولے رکھنے پر ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی تھوڑا بھی انٹم بم یا ڈیزل شاپس میڈیکل سٹورز ہنڈ چیک اور ٹیلر شاپس کو 24 گھنٹے کھلا رکھنے کی اجازت ہوگی ریسٹورنٹس اور ہوٹلز کو بھی صرف ہوم ڈلیوری اور ٹیک آوے سروس کے لیے 24 گھنٹے کھلا رکھنے کی اجازت ہوگی لاک ڈاؤن میں کی جانے والی نرمی تاجروں اور عوام کے احتیاطی تدابیر کی اپیل اور پیز پر محدود آمد سے مشروط ہے درکار ماسک کے لئے ہاتھ دھونے سینیٹائزر کی فراہمی اور ماسک اور گلوز کا استعمال لازم ہے دکان میں ایک وقت میں 4 سے زائد افراد نہیں ہوں گے۔

شال — بقیہ 19

کرنی چاہیے انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک کے وسائل انتہائی محدود ہیں کورونا وائرس کے کیسز ایک ضرور کم ہیں لیکن ہم نے ہر وقت احتیاطی تدابیر پر عمل کرنا ہوگا اسلام بھی وباء پھیلنے کی صورت میں بہیں پرہیز اور سخت احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی تعلیم دیتا ہے انہوں نے کہا کہ ایک وائرس کا علاج دنیا میں دریافت نہیں ہوا ہے اس وقت یہ مرض لاعلاج سمجھا جائے کورونا وائرس کا واحد علاج انسانوں کو مناسب فاصلے میں رہنا ہے اور بلاضرورت اپنے گھروں سے نہ نکلیں ہماری زندگی بڑی قیمتی ہے اسکا خیال ضروری ہے انہوں نے کہا کہ اس وقت پوری قوم ایک مشکل صورتحال سے دوچار ہے خاص کر غریب طبقہ مزدور دکاندار بے روزگار ہوچکا ہے جسکا حکومت کو احساس کرتے ہوئے ہر ممکن مالی مدد کرنی چاہئے انہوں نے کہا کہ حکومت احساس کفالت پروگرام اور بیت المال پروگرام کے تحت کروڑوں روپے تقسیم کررہے ہیں جو کہ اچھی بات ہے لیکن ضرورت اس امر کی ہے کہ امداد میرٹ پر صرف حقدار کو ہی ملنی چاہئے تاکہ ملک صوبے اور ہر ایک میں کوئی بھی حقدار اور مزدور بھوکا نہ رہے اس حوالے سے علیم حضرات بھی آگے آئیں اور بے یارومددگار لوگوں کی مدد کریں انہوں نے کہا کہ شہریوں نے ذمہ داری کا ثبوت نہ دیا تو انسانی جانوں کو ایک بڑے چیلنج اور خطرے کا سامنا کرپڑ سکتا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت لاک ڈاؤن کے حوالے سے ایک ایسی پالیسی بنائے تاکہ عوام کا روزگار بھی بند نہ ہو اور وائرس کو بھی مزید پھیلنے سے روکا جاسکے۔

شال — بقیہ 20

30 ہزار کیا جائے، نرسز کو اپنے 95 اور حفاظتی کٹس کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں عالمی یوم نرسز کے حوالے سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی اس موقع پر ثنا کھتران، فاروق حسنی، صائمہ اتول، جواب بھی انکے ہمراہ تھے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں کورونا وائرس کے خلاف فرنٹ لائن پر فرائض سرانجام دیتے ہوئے 30 میل دلی میل نرسز وائرس کا شکار ہوئے ہیں جبکہ ملک بھر میں یہ شرح 150 سے زائد ہے، چار نرسز کا انتقال بھی ہوچکا ہے لہذا جن نرسز کے کورونا وائرس کے ٹیسٹ نہیں ہوئے انکے فوری طور پر ٹیسٹ کئے جائیں انہوں نے کہا کہ صوبے کے تمام اسپتالوں میں این 95 اور پی پی ای کٹس مہیا کی جائیں، صوبے میں عارضی طور پر خدمات سرانجام دینے والی نرسز کو چھ ماہ سے تنخواہیں ادا نہیں کی گئیں جبکہ انہیں مستقل بھی نہیں کیا گیا اور نہ ہی نرسز کا سروس اسٹرکچر موجود ہیں اس کے باوجود نرسز صوبے بھر میں خدمات سرانجام دے رہی ہیں انہوں نے کہا کہ بیک لاگ ہیلتھ پروفیشنل ایسوسی ایشن کے ذریعہ ڈی اے، حکومت بلوچستان، ایچ ایمیڈیکل اسٹاف فیڈریشن کی شکر گزار ہیں کہ انہوں نے کہا کہ نرسز کا دیرینہ الاؤنس منظور کروایا کورونا وائرس کی وباء کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام نرسز کے لئے رسک الاؤنس اور ہیلتھ پروفیشنل الاؤنس کی بھی منظوری دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں اس وقت 25 ہزار نرسز کی ضرورت ہے جبکہ صرف 1200 نرسز خدمات سرانجام دے رہی ہیں نرسز کی آسامیوں کو بھی فل تقرر کیا جائے۔

شال — بقیہ 21

ہوجانے سے عوام کو انتہائی تکلیف کا سامنا تھا انہوں نے کہا کہ عوامی شکایت کے پیش نظر شہر میں صفائی مہم کا آغاز کردیا گیا ہے اور مہم کی نگرانی میں خود کر رہا ہوں انہوں نے کہا کہ سبی شہر میں صفائی کے نظام میں بہتری لانا میرا مشن ہے اور اسی مشن کے تحت ان غیر قانونی تجاوزات کا خاتمہ کیا گیا جو صفائی کے نظام اور نالیوں کی صفائی میں رکاوٹ کا باعث تھی۔۔

شال — بقیہ 22

سے گفتگو کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ قلاتی شخصیت دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے سامنے آئیں۔ پوری قوم کو فلاحی کاموں میں حصہ لینا چاہئے اسلامک ریلیف پاکستان کی جانب سے ملنے والی ادویات اور آٹومیٹک مشین ڈائرکٹ کے غریب مریضوں کیلئے امید کی کرن ہے انہوں نے کہا کہ آٹومیٹک مشین کامیاب آپریشن کی کنجی ہے جس سے طبی آلات کو سو فیصد جراثیموں سے پاک کیا جاسکتا ہے احتیاط علاج سے بہتر ہے حفظان صحت کے اصول اپنا کر بیماریوں سے بچا جاسکتا ہے انہوں نے مزید کہا کہ مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کرنے کیلئے ریلیف پروگرام حکومت کی اولین ترجیح ہے صوبائی حکومت ایمرجنسی سینٹر کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات کررہی ہے اس موقع پر اسلامک ریلیف انٹرنیشنل کے ذمہ داروں نے ڈپٹی کمشنر قلات کی کاوشوں کو سراہا کہ وہ اس مشکل وقت میں صحت کے حوالے سے غریب مریضوں کو سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات کررہے ہیں انہوں نے ڈپٹی کمشنر پشین کو ڈسٹرکٹ کیلئے مزید سامان فراہم کرنے کی یقین دہانی کروائی۔

شال — بقیہ 23

سکھاپان، جنت علی اور ترنا سمیت مختلف علاقوں میں ٹڈی دل کی ایک بار پھر یلغار سے کروڑوں روپے کے کپاس، ٹماٹر، گندم، مجوریاز، مکہ وسمیت دیگر کروڑوں روپے کی کھڑی فصلوں اور سبزیوں کو شدید نقصان پہنچا ہے ٹڈی دل کے یلغار سے نہ صرف زراعت کا شعبہ بری طرح متاثر ہوا ہے بلکہ قدرتی چراگاہوں اور جنگلات کو بھی نقصان پہنچا ہے لیکن دوسری جانب سے پی ڈی ایم اے کی جانب سے فراہم کردہ ٹڈی دل کے اسپرے اور مشینری کو بھی استعمال میں نہیں لایا جارہا ہے زمیندار حلقوں کی جانب سے ڈپٹی کمشنر

شوگر انکوائری کمیشن کو ای سی سی کے فیصلوں بارے آگاہ کیا ہے، اسد عمر

وزیراعظم کے آگے جواب جمع کرانے کی ضرورت نہیں، جلد کمیشن کی رپورٹ منظر عام پر لائی جائے گی

لاک ڈاؤن میں نرمی کی گئی ہے لیکن عوام احتیاطی تدابیر اختیار کریں، وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان صوبائی کابینہ کے اجلاس میں شرکت سے قبل ہاتھ سینیٹائز کر رہے ہیں

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ اسد عمر نے کہا ہے کہ شوگر انکوائری کمیشن کو ای سی سی کے فیصلوں کے بارے میں آگاہ کیا ہے، وزیراعظم کے آگے جواب جمع کرانے کی ضرورت نہیں، جلد ہی کمیشن کی رپورٹ منظر عام پر لائی جائے گی، وزیراعظم عمران خان قوم کو ناامید نہیں کریں گے، لاک ڈاؤن میں نرمی کی گئی ہے لیکن عوام احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر اسد عمر منگل کو شوگر انکوائری کمیشن میں پیش ہوئے۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسد عمر کا کہنا تھا کہ ای سی سی کے فیصلوں کے بارے میں آج کے سوالات تھے۔ وزیراعظم کے آگے جواب جمع کرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ ای سی سی کے فیصلوں کے بارے میں نے کمیشن کو آگاہ کیا ہے۔ پہلے مجھے موقف کا موقع دیا اور پھر سوالات پوچھے گئے۔ بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

قلات کے علاقے یونین کونسل نیچارو میں ژالہ باری نے تباہی مچادی

قلات (آن لائن) قلات کے علاقے یونین کونسل نیچارو میں ژالہ باری نے تباہی مچادی، چیری سیب خوبانی کے باغات اور دیگر تیار فصلوں کو شدید نقصان، زمینداروں کو کروڑوں کا نقصان، تفصیلات کے مطابق منگل کے روز قلات کے بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

رمضان المبارک ہمیں صبر اور دوسروں کے ساتھ نیکی کا حکم دیتا ہے، مولانا عبدالحکیم انقلابی

ہمیں مشکل کی اس گھڑی میں اپنے غریب، مستحق افراد، بیواؤں اور یتیموں کو نہیں بھولنا چاہئے

مشکل کی اس گھڑی میں غریب اور مستحق افراد کی امداد کرنا ہماری ذمہ داری ہے

تمبو (آن لائن) جمعیت علماء پاکستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحکیم انقلابی اور ضلعی صدر غلام مصطفیٰ کوہارنے کہا ہے کہ رمضان المبارک ہمیں صبر اور دوسروں کے ساتھ نیکی کا حکم دیتا ہے، ہمیں مشکل کی اس گھڑی میں اپنے غریب، مستحق افراد، بیواؤں اور یتیموں کو نہیں بھولنا چاہئے اور دل کھول کر امداد کرنی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس کی وباء کے باعث لاک ڈاؤن سے جہاں پوری دنیا بری طرح متاثر ہوئی ہے وہیں پاکستان اور خاص کر بلوچستان کے غریب افراد بھی بری طرح بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

آئندہ بجٹ میں تنخواہوں اور پنشن میں 20 فیصد اضافے کی تجویز

وفاقی حکومت کی جانب سے پنشن میں 999 ارب روپے جبکہ پنشن کیلئے 530 ارب روپے مختص کئے جانے پر غور کیا جارہا ہے

کورونا وائرس سے قبل ایک تجویز یہ بھی تھی کہ بجٹ میں تنخواہوں کے سکیلوں پر نظرثانی کرکے نئے پے سکیل 2020 لاگو کیے جائیں

اسلام آباد (آن لائن) آئندہ بجٹ میں تنخواہوں اور پنشن میں 20 فیصد اضافے کی تجویز پیش کردی گئی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے آئندہ بجٹ میں تنخواہوں اور پنشن کی مد میں 142 ارب روپے اضافی مختص کئے جاسکتے ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ وفاقی حکومت کی جانب سے پنشن میں 999 ارب روپے جبکہ پنشن کیلئے 530 ارب روپے مختص کئے جانے پر غور کیا جارہا ہے۔ گریڈ 21، 22 کے سول ملٹری افسروں کی تنخواہوں بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: چیف آف آرمی سٹاف کی جانب سے غریب خاندانوں میں ایف سی راشن تقسیم کررہی ہے

کھڈ کوچہ شریف آباد کے مقام پر پک اپ اور موٹر سائیکل میں تصادم دو افراد زخمی

مستونگ (نمائندہ خصوصی) کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ کھڈ کوچہ شریف آباد کے مقام پر پک اپ اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجے میں دو افراد شیر احمد ولد غلام رسول عمر 12 سال اور غلام رسول ولد حضور بخش قوم محمد حسنی عمر 35 سال بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

سید حسن نظر شمسی کے گھر پر ناجائز قبضہ پولیس کارروائی سے گریزاں

نصیر آباد (نمائندہ خصوصی) متاثرہ افراد کی جانب سے سید حسن نظر شمسی کے گھر پر ناجائز قبضہ پولیس کارروائی سے گریزاں سید حسن نظر شمسی کی میڈیا سے بات چیت گوہر خوت بخش گولہ کے رہائشی پی پی ایم زیڈ کے صوبائی نائب صدر بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

مسلم لیگ (ن) اوتھل کے سابق ضلعی صدر پیشہ ور قبضہ مافیاء کے ناپاک قبضہ کے کا نوٹس لیا جائے، ہندو پنچائیت

اوتھل (نمائندہ شال) ہندو پنچائیت اوتھل معززین اوتھل کے مسلم برادری کے معززین و معتبرین سے ہندوں پنچائیت کی مشترکہ اراضی پر مسلم لیگ (ن) کے سابق ضلعی صدر پیشہ ور قبضہ مافیاء کے ناپاک قبضہ کے عزائم کیخلاف ہندو برادری نے تعاون کی اپیل کی ہے۔ اوتھل کے قبائلی عمائدین کو بخوبی علم ہے کہ موصوف نے دور حکومت مسلم لیگ ن کے بطور ضلعی صدر اوتھل میں واقع کروڑوں کی 24 ایکڑ مشترکہ کوآپریٹو سوسائٹی ایڈمنسٹریشن اراضی پر قبضہ کرکے تھیا چکے ہیں جواب بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

میر محمد بلال صادق عمرانی غریب اور مستحق افراد کی مدد کے لیے میدان میں آگئے

تین سو خاندانوں میں گندم کی بوریاں تقسیم کرکے ان کی مدد کو یقینی بنایا گیا

نصیر آباد (نمائندہ خصوصی) ڈیرہ مراد جمالی پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سابق صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی کے فرزند پیپلز پارٹی نصیر آباد کے ڈویژنل صدر نوجوان سیاستدان میر محمد بلال صادق عمرانی غریب اور مستحق افراد کی مدد کے لیے میدان میں آگئے ڈیرہ مراد جمالی میں دوسرے روز بھی میر محمد بلال صادق عمرانی نے غریب مستحق افراد کی بھرپور مدد کرتے ہوئے مزید 150 مرد اور خواتین میں 50 کلو فی کس گندم کی بوریاں تقسیم کی دو روز کے دوران تین سو خاندانوں میں گندم کی بوریاں تقسیم کرکے ان کی مدد کو یقینی بنایا گیا اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر و سابق صوبائی بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

عوام کورونا وائرس کو سنجیدگی سے لیں حکومت کو اپنے شہریوں کی جانیں عزیز ہیں، سہیل الرحمن بلوچ

کورونا وائرس کا واحد حل اور علاج یہ ہے کہ شہری اپنے گھروں تک محدود رہیں، کمشنر ڈویژن

لورالائی (این این آئی) کمشنر ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ اور اپنی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ فیاض علی نے اپنے الگ الگ بیان میں کہا ہے کہ عوام کورونا وائرس کو سنجیدگی سے لیں حکومت کو اپنے شہریوں کی جانیں عزیز ہیں کورونا وائرس کا واحد حل اور علاج یہ ہے کہ شہری اپنے گھروں تک محدود رہیں انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے عوام کی زندگیاں انتہائی عزیز ہیں انہوں نے کہا کہ لورالائی شہر میں دفعہ 144 نافذ ہے جس کے تحت ڈبل سواری پر پابندی عائد ہے قانون کی خلاف ورزی کی کسی کو بھی اجازت نہیں دی جاسکتی وہی قومیں ہی دنیا میں کامیاب ہوتے ہیں جنہوں نے قانون کا احترام کیا ہے کورونا وائرس کو ہم بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: عوامی سہولیات کے پیش نظر ایڈمنسٹریٹر طارق جاوید مینگل اور چیف میٹروپولیٹن آفیسر عطاء اللہ بلوچ سریاب روڈ دوکانی بابا چوک سڑک کنارے کچرہ دان ارکچرہ کی صفائی کے بعد درخت لگا رہے ہیں

کلی غوث آباد کا 100kv ٹرانسفارمر جل جانے سے علاقے میں بجلی کی سپلائی معطل

شدید گرمی اور ماہ صیام میں روزہ داروں کو سخت مشکلات کا سامنا

توکلی (این این آئی) کلی غوث آباد کا 100kv ٹرانسفارمر جل جانے سے علاقے میں بجلی کی سپلائی معطل، شدید گرمی اور ماہ صیام میں روزہ داروں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے علاقہ مکینوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان کے سابق معاون خصوصی میر اعجاز خان عمرانی سے اپیل کی کہ جس بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

احساس پروگرام کے لئے ملازمین کی تعداد میں اضافہ کیا جائے، ڈاکٹر فیصل مستان

مستونگ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی شوریٰ کے ممبر و ضلعی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر فیصل مستان نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ مستونگ میں احساس پروگرام کے تحت بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

سندھ حکومت اپنے منہ میاں مٹھو بننے کی اعلیٰ مثال ہے، شہباز گل

مرتضیٰ وہاب بتائیں کہ سندھ کی 10 ارب کی گندم کس نے غائب کی؟ وزیر موصوف بتائیں کہ سندھ میں 8 ارب کا راشن غائب کرنے کا حساب کون دے گا؟

وفاق نے صحت کی سہولیات، روزگار کے تحفظ کے لیے 1200 ارب کا پیکج دیا، مرتضیٰ وہاب کی پریس کانفرنس پر شدید ردعمل

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور حکومتی ترجمان شہباز گل نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت اپنے منہ میاں مٹھو بننے کی اعلیٰ مثال ہے، دستیاب اعداد و شمار پیپلز پارٹی کی ناقص پالیسیوں اور نااہلیوں کے عکاس ہیں، وفاق نے صحت کی سہولیات، روزگار کے تحفظ کے لیے 1200 ارب کا پیکج دیا۔ سندھ حکومت کے ترجمان مرتضیٰ وہاب کی پریس کانفرنس پر حکومتی ترجمان شہباز گل نے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

اوتھل: گورنمنٹ نیچرز ایسوسی ایشن تحصیل اوتھل کے آرگنائزر ماسٹر عطاء اللہ بدم بروہ کے والد کے انتقال پر صوبائی اسمبلی بلوچستان کے تعزیتی رہنما کھی شام لعل لالی و دیگر کا تعزیت کر رہے ہیں

توبہ قبول ہونے کے بارے میں عمر کی کوئی قید نہیں ہے جب بھی توبہ کریں گے قبول ہوجائیگی، محمد الیاس عطار قادری

بعض لوگ بوڑھے ہوجاتے ہیں مگر گناہوں پر دلیری ختم نہیں ہوتی، ان کی گناہوں کی عادت ختم نہیں ہوتی

کوئٹہ (آن لائن) امیر اہلسنت حضرت علامہ محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم دامت برکاتہم العالیہ نے کہا ہے کہ توبہ قبول ہونے کے بارے میں عمر کی کوئی قید نہیں ہے جب بھی توبہ کریں گے قبول ہوجائیگی، بعض لوگ بوڑھے ہوجاتے ہیں مگر گناہوں پر دلیری ختم نہیں ہوتی، ان کی گناہوں کی عادت ختم نہیں ہوتی، جب مسلسل گناہ کئے جائیں تو دل سیاہ ہوجاتا ہے پھر نصیحت اثر نہیں کرتی، جب گناہوں کی عادت پختہ ہوجاتی ہے تو موت کی طرف سے توجہ ہٹ جاتی ہے، یاد رکھیں بڑھاپے کے بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی ہرنائی پولیس کے منشیات کے خلاف جاری مہم میں بھرپور ساتھ دے گی، محمد یاسین ترین

منشیات ایک ناسور ہے جس کا خاتمہ صرف پولیس نہیں بلکہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

ہرنائی (آن لائن) پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر محمد یاسین ترین، جنرل سیکرٹری ملک شمین گل خان ترین، صوبائی رہنماء حاجی نور محمد ترین، پیپلز یوتھ کے ضلعی صدر قدیر ملازئی، جنرل سیکرٹری ملک خدائیداد ترین، سیکرٹری اطلاعات حفیظ اللہ ترین، پیپلز لیبر کے ضلعی صدر محمد ولی غدرانی و دیگر نے گزشتہ شب ہرنائی شہر میں ایس پی ہرنائی محمد حسن کاکڑ کی ہدایت پر ایس ایچ او ہرنائی محمد حسین مری اور اے ایس آئی بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس سے بچاؤ کا واحد حل صرف اور صرف احتیاط ہے، شاہد لہڑی

عوام عید کے موقع پر بازاروں میں خریداری کے موقع پر احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں

کوئٹہ (این این آئی) پولیو پروگرام کے آفیسر کوئٹہ ڈسٹرکٹ شاہد لہڑی نے کہا ہے کہ کورونا وائرس سے بچاؤ کا واحد حل صرف اور صرف احتیاط ہے عوام عید کے موقع پر بازاروں میں خریداری کے موقع پر احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں تاکہ کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد مل سکے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ شہر کے مختلف شاپنگ مالز، دکانوں، بازاروں میں کورونا وائرس سے احتیاطی تدابیر کے حوالے سے پینافلکس لگانے کے بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

نوشکی امام بوستان روڈ پر لڑائی جھگڑے کے نتیجے میں دو افراد شدید زخمی ہوئے

نوشکی (آن لائن) نوشکی امام بوستان روڈ پر لڑائی جھگڑے کے نتیجے میں دو افراد شدید زخمی ہوئے، تفصیلات کے مطابق نوشکی غریب کے رہائشی شخص محمد خان ولد شیر محمد سرپرہ کو معلوم افراد لیاقتیوں اور گجروں سے حملہ کرکے شدید زخمی کردیا اطلاع ملتے ہی نوشکی پولیس نے زخمی شخص کو سول ہسپتال پہنچادی۔

غیر معیاری اشیاء خوردونوش فروخت کرنے والے دکانداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی، عبدالستار مینگل

چند پیسوں کی خاطر عوام کی صحت سے کھیلنے کی اجازت کسی کو نہیں دیں گے، اسسٹنٹ کمشنر کوہلو

کوہلو (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر کوہلو عبدالستار مینگل کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس تحصیل آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پرائس کنٹرول کمیٹی، ضلعی آفیسروں اور تاجر برادری نے شرکت کی۔ اس موقع پر مختلف اشیاء خوردونوش کی قیمتوں کا جائزہ لیا گیا اور تاجر برادری کی بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

منشیات کے خاتمے کیلئے کوششوں کو جاری رکھا جائے گا، سید حسن آغا

نوجوان نشے کی لعنت سے خود کو دور رکھ کر معاشرے کی اصلاح کا اہم فریضہ سرانجام دیں

کوئٹہ (آن لائن) منشیات کے خلاف جہاد کا عالم بلند کرنے والے بلوچستان کے عظیم فرزند محمد اسماعیل مائیکو شہید کی اکتیسویں برسی انتہائی عقیدت اور احترام کے ساتھ مائیکو شہید ٹرسٹ میں منائی گئی کورونا وائرس کی وبا کے پیش نظر تقریب کا انعقاد سادگی اور کورونا وائرس سے بچنے کی احتیاطی تدابیر بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

کوہلو: اسسٹنٹ عبدالستار مینگل شہر میں گرانفروشوں کیخلاف کارروائی کررہے ہیں

رکن صوبائی اسمبلی بلوچستان پارلیمانی سیکریٹری بی ڈی اے میر سکندر خان عمرانی عوامی لیڈر ہیں

میر سکندر خان عمرانی کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں، رئیس مولا بخش چانڈیو، ملک مٹھا خان چانڈیو ہو

صحبت پور (نامہ نگار) رکن صوبائی اسمبلی بلوچستان پارلیمانی سیکریٹری بی ڈی اے میر سکندر خان عمرانی عوامی لیڈر ہیں رئیس مولا بخش چانڈیو، ملک مٹھا خان چانڈیو ہو، قبائلی شخصیت رئیس مولا بخش چانڈیو ہو، ملک مٹھا خان چانڈیو ہو نے اپنے جاری بیان میں کہا کہ نصیر آباد کے منتخب رکن صوبائی اسمبلی بلوچستان و ممبر پارلیمانی سیکرٹری بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی میر سکندر علی خان عمرانی صاحب نے منتخب ہوکر عوام کی بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

نرسز شعبہ صحت میں ریڑ کی ہڈی کا کردار ادا کرتی ہیں، غلام مصطفیٰ رند

پاکستان سمیت آج دنیا بھر میں نرسز کا آج عالمی دن منایا جارہا ہے

اوستہ محمد (نامہ نگار) نرسز شعبہ صحت میں ریڑ کی ہڈی کا کردار ادا کرتی ہیں، پاکستان سمیت آج دنیا بھر میں نرسز کا آج عالمی دن منایا جارہا ہے المیہ یہ ہے کہ پاکستان کی نرسیں آج بھی لاتعداد مسائل کا شکار ہیں ان خیالات کا اظہار ضلع جعفر آباد کے تحصیل اوستہ سول ہسپتال میں میل نرس غلام مصطفیٰ رند نے کیا نیز یہ کا کہنا تھا کہ کورونا وائرس کی وجہ سے عوام گھروں میں رہنے پر مجبور ہوگئے بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

قلات بارودی سرنگ کا دھماکہ، بیٹا جاں بحق، باپ شدید زخمی

دلشاد بیٹے زبیر احمد کے ہمراہ موٹر سائیکل پر جارہے تھے کہ نامعلوم افراد کی جانب سے بچھائے گئے بارودی سرنگ کی زد میں آگئے۔

اطلاع ملتے ہی لیویز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ کر نعش اور زخمی کو ڈی ایچ کیو ہسپتال قلات پہنچادی جہاں پر ضروری کارروائی کے بعد نعش کو ورثا کے حوالے کردی گئی

کوئٹہ: شہید محمد اسماعیل مائیکو کی اکتیسویں برسی کے موقع پر چیئرمین سید حسن آغا اور ممبران فاتحہ خوانی کررہے ہیں

قلات (آن لائن) قلات میں بارودی سرنگ کا دھماکہ، بیٹا جاں بحق، باپ شدید زخمی، ہسپتال ذرائع، لیویز ذرائع کے مطابق بلوچستان کے علاقے قلات کے پہاڑی ایریا شور پارود میں منگل کی صبح آٹھ بجکر اڑتیس منٹ پر دلشاد ولد قادر بخش قوم ساسولی اپنے تیرہ سالہ بیٹے زبیر احمد کے ہمراہ موٹر سائیکل پر جارہے تھے کہ نامعلوم افراد کی جانب سے بچھائے گئے بارودی سرنگ کی زد میں آگئے۔ جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل پر سوار تیرہ سالہ نوجوان زبیر احمد موقع پر جاں بحق جبکہ اس کے والد دلشاد شدید زخمی ہوگئے۔ اطلاع ملتے ہی لیویز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ کر نعش اور زخمی کو ڈی ایچ کیو ہسپتال قلات پہنچادی بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

آئی پی عبدالحمید صمیم کو ایس ایچ او صحبت پور سزا تعینات کیا گیا

جیرون (نامہ نگار) صحبت پور تھانہ پولیس کے جاری کردہ نوٹیفیکیشن کے مطابق آئی پی عبدالحمید صمیم کو ایس ایچ او صحبت پور سزا تعینات کیا گیا ہے آئی پی عبدالحمید صمیم ایک ایماندار فرض شناس پولیس آفیسر ہیں نئے تعینات ہونے والے ایس ایچ او نے ہمیشہ علاقے میں امن وامان کے حوالے بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

ہرنائی کوئٹہ قومی شاہراہ کو دوبارہ وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کیا جائے، عوامی حلقے

ہرنائی (آن لائن) ہرنائی کوئٹہ قومی شاہراہ کو دوبارہ وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کیا جائے، عوامی و سماجی حلقوں کا وفاقی و صوبائی حکومت سے مطالبہ ان کا کہنا ہے کہ ہرنائی کوئٹہ قومی شاہراہ ایک اہم شاہراہ ہے جہاں سے روزانہ ہزاروں بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

ضلع خضدار اور آس پاس ملیریا بخار نے خوفناک شکل اختیار کرلی

اسپرے نہ ہونے کی وجہ سے ملیریائی بخار نے دستک دے رکھی ہے

خضدار (نامہ نگار) ضلع خضدار اور آس پاس ملیریا بخار نے خوفناک شکل اختیار کرلی۔ اسپرے نہ ہونے کی وجہ سے ملیریائی بخار نے دستک دے رکھی ہے۔ محکمہ صحت کی جانب سے کوئی بھی خاطر خواہ اقدام نہیں ایک سیکڑوں افراد اس جان لیوا بخار کا شکار ہوچکے ہیں لیکن المناک بات یہ ہے کہ گزشتہ کئی دنوں سے علاقے میں پھیلے ہوئے بیماری کو کنٹرول کرنے میں محکمہ صحت ناکام رہ چکی ہے سرکاری اسپتالوں و پرائیویٹ کلینکس میں روزانہ ملیریا سے متاثر مریض لائے جارہے ہیں گزشتہ سال بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

بال گروخواج میں ٹریکٹر والوں کی جانب سے زور سے گانا چلانے کی وجہ سے لوگوں کی نیندیں حرام ہوگیا

بال (نامہ نگار) بال گروخواج میں ٹریکٹر والوں کی جانب سے ٹریکٹروں پر بی ڈی ایکسیلر اور زور سے گانا چلانے کی وجہ سے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے برکت سینے میں ٹریکٹر والوں کی جانب سے زور سے گانا چلانے کی وجہ سے لوگوں کی نیندیں حرام ہوگیا سارا رات ٹریکٹر والے بال دیگی گریشہ کوری بزدار گچی گرگ لیسو و دیگر علاقوں میں زور سے گانا چلاتے ہیں کی وجہ سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے عوامی حلقوں نے مطالبہ بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

کسی کا چولہا نہ بجھے اسلئے لاک ڈاؤن میں نرمی کی گئی، میاں اویس علی

جہاں شٹر ڈاؤن رہیں وہاں معیشت لیک آف نہیں کرسکتی، ٹریڈرز نے حکومت کے اقدام کو بہت سراہا ہے

مجبور عوام مجبور ہوگئے تھے، حکومت انہیں بھوک، بیروزگاری اور بیکاری کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتی تھی

لاہور (پ ر) پاکستان تحریک انصاف کے ممتاز رہنما میاں اویس علی نے کہا ہے کہ کسی کا چولہا نہ بجھے اسلئے لاک ڈاؤن میں نرمی کی گئی، شہریوں کو رپاتی اداروں کی طرف سے اس اوپیز کی پاسداری یقینی بنانا ہوگی۔ مجبور عوام مجبور ہوگئے تھے، وزیراعظم عمران خان کی منتخب حکومت انہیں بھوک، بیروزگاری اور بیکاری کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتی تھی۔ شہریوں کو گھروں میں بٹھاتے بٹھاتے انہیں بھوک سے نہیں مارا جاسکتا۔ جہاں مسلسل شٹر ڈاؤن رہیں وہاں معیشت لیک آف نہیں کرسکتی، ٹریڈرز نے بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

لیویز فورس زاوہ نے ایک گاڑی سے اٹھی کوائٹی کے 100 کلوگرام چرس برآمد کرلیا 3 ملزم گرفتار

معاشرہ کو منشیات سے پاک کرنا اولین ذمہ داری ہے، اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدالمجید سرپرہ

خضدار (نامہ نگار) معاشرہ کو منشیات سے پاک کرنا اولین ذمہ داری ہے، اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدالمجید سرپرہ لیویز فورس زاوہ نے ایک گاڑی سے اٹھی کوائٹی کے 100 کلوگرام چرس برآمد کرلیا 3 ملزم گرفتار اسسٹنٹ کمشنر خضدار کا لیویز ہیڈ کوارٹر خضدار میں پریس کانفرنس کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدالمجید سرپرہ نے لیویز ہیڈ کوارٹر خضدار میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

اوتھل ہندو پنچائیت کو بلا جواز مختلف حربوں کے ذریعے الجھایا جارہا ہے، سردار رسول بخش برہ

اوتھل (نمائندہ شال) برہ قبائل کے سردار اور سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل سردار رسول بخش برہ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ حالیہ ہندو پنچائیت اوتھل برادری کے ساتھ جس ناانصافی پر تلا ہوا ہے وہ بھی پشتی ہندو برادری بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

اوتھل میں ہندو پنچائیت کا اجلاس، مسائل کے حل کیلئے کوششیں جاری رکھنے کا فیصلہ

اوتھل (نمائندہ شال) اوتھل میں ہندو پنچائیت کا اجلاس ہوا جس میں مسائل کے حل کیلئے کوششیں جاری رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں ہندو پنچائیت کے ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ہندو پنچائیت کے